KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com



بیادگار

محسن راجستھان حضرت علامہ **مفتی محمد اشفاق حسین** صاحب قبلہ نعیمی

مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان

بنام

مناقب

محسن راجستھان

زیر سرپرستی

پیر طریقت حضرت خواجہ حافظ وقاری

صوفی عبدالوحید صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی

مرتب

سردار احمد برکاتی وحیدی

مدرس سنی ایجوکیشنل سوسائٹی بالوترا

فون 9828681093 - 8949084377

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ملک محمد نازش المدنی مرادآبادی

۷۸۶

بیادگار

محسن راجستھان حضرت علامہ مفتی محمد اشفاق حسین صاحب قبلہ نعیمی مفتی اعظم راجستھان

علیہ الرحمۃ والرضوان

بنام

مناقب محسن راجستھان

زیر سرپرستی

پیر طریقت حضرت خواجہ حافظ وقاری صوفی عبدالوحید صاحب قبلہ قادری مدظلہ العالی

مرتب

سردار احمد برکاتی وحیدی
مدرس سنی ایجوکیشنل سوسائٹی بالوترا
فون 9828681093 - 8949084377

: ناشر :

امام احمد رضا لائبریری، جامعہ فیضان اشفاق جاجولائی
سنی تبلیغی جماعت باسنی
جامعہ عائشہ صدیقہ للبنات ہرسور، ڈیگانہ، ناگور شریف راجستھان

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

نام کتاب :۔ مناقب محسن راجستھان

مرتب :۔ سردار احمد برکاتی وحیدی

کمپوزنگ :۔ سردار احمد برکاتی وحیدی

پروف ریڈنگ :۔ حضرت مولانا محمد اکبر علی رضوی بالوترا

نظر ثانی :۔ حضرت مولانا قبول احمد نقشبندی

صفحات :۔ ۸۸

تعداد :۔ ۱۱۰۰

سن اشاعت :۔ بموقع غوث الوری کانفرنس ۱۷ ربیع الآخر ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۶ دسمبر ۲۰۱۸ء

ناشر :۔ امام احمد رضا لائبریری،، جامعہ فیضان اشفاق جاجولائی
سنی تبلیغی جماعت باسنی ناگور شریف راجستھان

باہتمام

قیمت

❋ ❋ ❋

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

مشمولات

نمبر شمار	نگارشات	رشحات قلم
(۱)	انتساب	سردار احمد برکاتی وحیدی
	[redacted]	
(۲)	مقدمہ	سردار احمد برکاتی وحیدی
(۳)	تقریظ جلیل	حضرت علامہ محمد وسیم اختر رضوی بریلی شریف
(۴)	تأثر جلیل	حضرت مولانا قبول احمد نقشبندی بالوترا
(۵)	تقریظ جمیل	حضرت مولانا محمد اکبر علی رضوی بالوترا
(۶)	محسن راجستھان ایک مختصر تعارف	معلمہ رابعہ بانو فیضانی
	[redacted]	
(۷)	حضرت اشفاق راہ مصطفیٰ کے رہبر	مولانا حسنات احمد ناطق باسنوی
(۸)	جاری ہے آج بھی فیضاں حضرت اشفاق کا	سردار احمد برکاتی وحیدی
(۹)	حضرت اشفاق ہیں ملت کے تابندہ گہر	مولانا اسرائیل شاداب مدھوبنی
(۱۰)	وہ کیا خوب گہربار ہیں مفتی اشفاق	مولانا عبدالقدوس مصباحی سالک بستوی
(۱۱)	تہ دامان اشفاق نعیمی بس قرار آمد	مولانا حسنات احمد ناطق باسنوی
(۱۲)	اے محسن ہم تیرا احسان بھلا کیا پائیں گے	سردار احمد برکاتی وحیدی
(۱۳)	السلام اے جانشین شاہ اجمل ذی حشم	مولانا محمد حسین حسین باسنوی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

(۱۴) ہے ثریا سے بھی اونچی رفعت مفتی اشفاق کی	مولانا محمد اکبر علی رضوی بالوترا
(۱۵) مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان	مولانا سجاد علی خان رضوی ساز بلرام پوری
(۱۶) حضرت اشفاق کا کس پہ نہیں احسان ہے	مولانا توصیف رضا فیضان پورنیہ بہار
(۱۷) وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان	سردار احمد برکاتی وحیدی
(۱۸) عکس حسن مصطفیٰ ہیں مفتی اشفاق حسین	مولانا علی احمد صاحب سیوانی
(۱۹) میرے مفتی اعظم راجستھان	شاعر اسلام حضرت اسد اقبال کلکتوی
(۲۰) رہنمائے راہ جنت حضرت اشفاق ہیں	حضرت حافظ وقاری محمد شریف القادری بہرائچ
(۲۱) پیشانی پر نور ولایت مفتی اعظم راجستھان	شکیل احمد ضیاء القادری سنبھلی
(۲۲) جا بجا شمع علم روشن کی راجستھان میں	سردار احمد وحیدی برکاتی
(۲۳) مجمع فیض کرامت مفتی اشفاق ہیں	حضرت مولانا جزیل احمد صاحب اسد القادری
(۲۴) ہیچ ہیں جن کے آگے آفتاب ومہتاب	سردار احمد وحیدی برکاتی
(۲۵) اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق ہیں	مولانا سمیع اللہ ثاقب بیکانیری
(۲۶) [illegible]ہ روشن ہے ولایت حضرت اشفاق کی	حضرت مولانا عبید اللہ حیدری
(۲۷) ہے محسن راجستھان مفتی اشفاق حسین نعیمی	سردار احمد وحیدی برکاتی
(۲۸) جن کی نبض وقت پر ہیں انگلیاں اشفاق ہیں	ذاکر حسین ادیب بیکانیری
(۲۹) فیض جن سے پا رہا ہے اک جہاں اشفاق ہیں	امین الدین شوق جامی بیکانیری
(۳۰) صاحب فہم وفراست بے گماں اشفاق ہیں	حافظ غلام رسول شاد جامی بیکانیری

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

(۳۱)خواجہ ہندالولی کے جانشیں اشفاق ہے محمد اسرائیل شاداب دیوگھروی

(۳۲)خراج عقیدت حافظ عارف اشرفی عارفؔ اشفاقی شیونالی امروہہ

(۳۳)وہ زمین ہے اعلی ہمارے خمیر سے دوستوں سردار احمد وحیدی برکاتی

(۳۴)اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق تھے حضرت مولانا قاضی نیاز احمد مشاہدی برکاتی

(۳۵) میرا دل اور میری جان مفتی اعظم راجستھان حضرت مولانا صادق عالم بالوترا

(۳۶)باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا حضرت مولانا سجاد علی خان مصباحی ساز بلرامپوری

(۳۷)قطعہ تاریخ وصال ۱۵/اکتوبر ۲۰۱۳ء پروفیسر غلام یحیٰ انجم صاحب مصباحی

(۳۸)التجا بارگاہ خواجہ معین الدین سردار احمد برکاتی وحیدی

[redacted]

(۳۹)جسے بابا نے سنوارا فیض نعیمی پلا پلا کر سردار احمد وحیدی برکاتی

(۴۰)جس کی خاطر دست بدعا ہے ہر بشر مولانا جمشید خان اشفاقی اسیرؔ قادری

(۴۱)سلطان التارکین ہے شہنشاہ ناگور بالیقیں سردار احمد برکاتی وحیدی

(۴۲)جلوہ گر ہے جہاں اول خلیفہ مفتی اشفاق کا سردار احمد برکاتی وحیدی

(۴۳)جماعت سنیت کا نگہباں مفتی ولی محمد رضوی سردار احمد وحیدی برکاتی

(۴۴)محبّ خیر الورا خواجہ عبدالوحید ہے سردار احمد برکاتی وحیدی

(۴۵)ہر خاص وعام میں چرچا صوفی عبدالوحید کا مولانا محمد اکبر علی رضوی بالوترا

(۴۵)مفتی اشفاق کے نور نظر حاجی معین الدین سردار احمد وحیدی برکاتی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

شرف انتساب

میں اپنی یہ حقیر کاوش بابائے قوم وملت محسن راجستھان اشفاق العلماء حضور مفتی اعظم راجستھان حضرت علامہ **مفتی محمد اشفاق حسین** صاحب قبلہ نعیمی علیہ الرحمہ (متوفی یوم عرفہ یعنی ۹ ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۵ اکتوبر ۲۰۱۳ء) کے نام معنون ومنسوب کرتا ہوں جن کی شبانہ روز کی کاوشوں، شام وسحر کی کوششوں، اور بے لوث خدمتوں نے راجستھان کی ریگستانی بنجر زمین کو علم وادب، فکر وفن، کا گلستان بنادیا، جن کو بڑے بڑے تاجور سلام نیاز پیش کرنے میں فخر وسعادت محسوس کرتے ہیں۔

سوئے دریا آوردہ ام صدف
گر قبول افتد زہے عز وشرف

نیاز مند

سردار احمد برکاتی وحیدی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

باب اول

مقدمه

الحمدلله رب العالمين الصلوةوالسلام على رسوله الكريم

وعلى آله واصحابه اجمعين وبارك وسلم

امابعد

فاعوذ بالله من الشيطن الرجيم بسم الله الرحمن الرحيم

اے اہل زمانہ قدر کرو ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

ڈھونڈھو گے ہمیں ملکوں ملکوں، نایاب نہ ہوں کم یاب ہیں ہم

ایسی قابل افتخار شخصیتیں جو اپنے علم وفضل، حکمت وتدبیر، بصیرت ومعاملہ فہمی، استقلال و استقامت، صداقت ودیانت، عبادت وریاضت، زہد وتقویٰ، انکساری وتواضع، حسن اخلاق و کردار کے اعتبار سے اسلام کی ایک نمایا جھلک ہوں وہ ہر دور میں کم یاب ہی رہی ہیں۔ انہیں نایاب رتنوں میں ایک رتن حضور بابائے قوم وملت محسن راجستھان اشفاق العلماء حضور مفتی اعظم راجستھان حضرت علامہ **مفتی محمد اشفاق حسین** صاحب قبلہ نعیمی علیہ الرحمہ کی ذات بابرکات بھی تھیں۔

آج جس راجستھان کو ہم خواجہ کی نگری کے نام سے جانتے ہیں جب اس بنجر زمین پر ہر طرف سے اعداء دین حملہ ور ہو رہے تھے۔ اور اسلام اور حامیان اسلام کو مٹانے کی انتھک کوشش

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

کررہے تھے ایسے دور پرفتن میں جو مجاہد بن کر ریگستان کے سرزمین پر آیا اور بکھرتے ہوئے شیرازۂ سنیت کو تقویت بخشی، شجر اسلام کی آبیاری کے لئے جس نے لعل وگوہر کے سمندر علماء کی شکل میں عطا کئے، ناتوانی وکمزور جسم کے باوجود بھی مسلک حقہ (مسلک اعلی حضرت) کی فراوانی کے لئے گاؤں گاؤں قریہ قریہ جاکر حدمت دین کرتے رہے، اور دین حنیف کو چمکاتے رہے، اور عوام اہل سنت بالخصوص اہل راجستھان پر ہزارہا عنایات واحسانات فرمائیں۔

ایسے محسن کی عنایات واحسانات کا بدل تو ہم کیا ادا کریں، لیکن یہ مختصر سا ہدیہ آپ کی بارگاہ میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں، جس میں ملک ہند کے ماہ وانجمن شعراء کرام کی زبانی مناقب بیان کئے گئے جن کو میں نے ایک جگہ جمع کرنے کی کوشش کی ہے۔

اللہ تبارک وتعالی اس سعی جمیلہ کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

سردار احمد وحیدی برکاتی

تقریظ جلیل

حافظ احادیث کثیرہ حضرت علامہ مولانا حافظ وقاری محمد وسیم اختر رضوی بریلی شریف

خطیب وامام جامع مسجد بالوترا باڑمیر راجستھان

فاعوذ بالله من الشيطن الرجيم بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده و نصلی علی رسوله الكريم

اللہ تبارک وتعالی نے انسان کو جو بے شمار نعمتیں عطا فرمائی ہیں ان میں سے ایک نعمت ہے 'نطق' یعنی اسے قوت گویائی عطا فرمائی ہے جس کے ذریعہ وہ اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرسکتا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ہے، اور انسان کو اشرف المخلوقات بنانے میں ایک سبب اس کا اس نعمت سے متصف ہونا بھی ہے اس نطق کے لئے 'بیان' کا لفظ بھی استعمال فرمایا جو اس سے زیادہ وسیع تر معانی میں آتا ہے، رب کائنات نے فرمایا:

الرحمٰن علم القرآن خلق الانسان علمه البيان۔

رحمان نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا، انسانیت کی جان محمد ﷺ کو پیدا کیا، ما کان و ما یکون کا بیان سکھایا۔ بیان کا لفظ قرآن میں مختلف اشتقاقات کے ساتھ بہت سی جگہ استعمال ہوا ہے جس سے 'نعمت بیان' کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

لہٰذا اسی :نعمت بیان: کے ذریعہ جو متعدد علماء اور آئمہ حضرات نے نظم کی شکل میں حضرت علامہ مفتی اشفاق حسین صاحب قبلہ نعیمی مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان نے بفضلہٖ تعالی اپنے علم و عمل اور حسن اخلاق کے ذریعہ عوام اہل سنت و جماعت کے ایمان و عقیدے کی جو حفاظت کی ہے جس سے ہر خاص و عام واقف ہے۔ مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان کی ان کاوشوں کو اپنے اپنے انداز میں بیان کیا ہے جس کو حضرت قاری سردار احمد برکاتی وحیدی صاحب نے ایک کتاب مناقب محسن راجستھان کے نام سے مرتب کیا ہے اس کو میں نے سرسری نظر سے دیکھا ماشاء اللہ پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی اور مجھے یقین ہے کہ جو اہل محبت' خطیب' نقیب 'ادیب' مقرر' حضرات اس کتاب کو پڑھیں گے وہ انشاء اللہ تبارک وتعالی ضرور فیضان مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان سے مستفیض ہوں گے، میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالی اپنے حبیب مکرم ﷺ کے صدقہ میں جناب قاری سردار احمد برکاتی وحیدی صاحب قبلہ کی اس

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے نیز تمام علمائے اہل سنت و جماعت کے علم و عمل نیز عمروں میں برکتیں عطا فرمائے اور محسن راجستھان حضرت علامہ مفتی اشفاق حسین صاحب قبلہ نعیمی مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمہ کا فیضان تا قیامت ہم پر جاری رہے۔ آمین

محمد وسیم اختر رضوی

۰۴/۱۲/۲۰۱۸

تأثر جلیل

حضرت مولانا محمد قبول صدیقی نقشبندی

مبلغ سنی ایجوکیشنل سوسائٹی بالوترا باڑمیر راجستھان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً مسلماً

دور حاضر انتہائی ترقی کا دور ہے اس کے جہاں بہت سارے اسباب عوامل ہیں وہیں ایک بنیادی سبب قلم کی حکمرانی ہے قلم کی سلطانی کا سکہ پوری دنیا میں کھٹک رہا ہے اور اس کی بادشاہی کا قصیدہ ہر جگہ پڑھا جا رہا ہے اور قلم کی طاقت نے قوموں کو ثرا سے ثریا پر پہونچایا ہے اسی قلم کی بدولت عزیزم قاری سردار احمد وحیدی صاحب نے مفتی اعظم راجستھان الشاہ مفتی اشفاق حسین صاحب نعیمی علیہ الرحمۃ والرضوان سے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار منظوم کلام کی شکل میں کیا ہے موصوف کی مرتب کردہ کتاب مناقب محسن راجستھان پڑھنے کا وقت میسر ہوا مختلف شاعروں نے مختلف انداز میں مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان سے اپنی محبت کا اظہار کیا ہے ان کی نظموں کو موصوف نے یکجا کیا اور عمدہ طور سے ترتیب دی اور درمیان میں خود نے جو مفتی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان کی شان میں منقبت کے اشعار رقم فرمائے ہیں وہ بھی مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان سے قلبی وروحانی عقیدت ومحبت پر دال ہیں۔ مفتی اعظم راجستھان علیہ الرحمۃ والرضوان کی ذات محتاج تعارف نہیں جن کی بدولت آج راجستھان میں علم وعلماء کا سمندر موجزن ہے جن کی پوری زندگی تعلیم وتعلم میں بسر ہوئی جن کے فضائل ومناقب بے شمار ہیں جو عوام الناس کے قلوب واذہان میں تابندہ وآشکار ہیں۔

اللہ تعالی موصوف کی کاوش ومحبت کو اپنی بارگاہ میں قبولیت کا شرف بخشے اور اس سے افادہ و استفادہ کرنے کی توفیق دے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

احقر العباد محمد قبول صدیقی نقشبندی

تقریظ جمیل

حضرت مولانا محمد اکبر علی رضوی خطیب وامام نگینہ مسجد بالوترا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

محبّ گرامی حضرت مولانا قاری سردار احمد برکاتی وحیدی مدرس سنی ایجوکیشنل سوسائٹی بالوترا کی ترتیب دی ہوئی کتاب مناقب محسن راجستھان مطالعہ اور پروف ریڈنگ کا موقع ملا جس کتاب میں موصوف نے اپنی ودیگر شعرائے کرام ومداحان خیر الانام کے منقبتیں جو مفتی اعظم راجستھان حضرت علامہ ومولانا مفتی اشفاق حسین نعیمی صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ والرضوان اور جانشین مفتی اعظم راجستھان مفتی شیر محمد رضوی ومفتی اعظم باسنی مفتی ولی محمد رضوی صاحب اور

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

صوفی باصفا حضرت حافظ وقاری عبدالوحید صاحب قبلہ قادری کی شان میں لکھی تھی ان تمام کو یکجا کرکے کتابی شکل میں پیش کرکے عاشق مفتی اعظم راجستھان ہونے کا ثبوت پیش کیا موصوف کی یہ تیسری کتاب ہے اس سے قبل بھی موصوف دو کتابوں کو ترتیب دے چکے ہیں اور اس کے علاوہ بھی آپ کی خدمات ہیں جو لائق تحسین ہیں اور ہو بھی کیوں نہ کہ جن کی تعلیم وتربیت صوفی باصفا عالم باعمل حضرت حافظ وقاری عبدالوحید صاحب قبلہ قادری کی زیرنگرانی ہوئی ہو جن کی نگاہ کرم نے موصوف کو اس مقام پر لاکر کھڑا کردیا میں ان کے اس نیک کاوش پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اخیر میں اللہ تبارک وتعالی کی بارگاہ میں دست بدعا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالی موصوف کی ان کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے۔

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم

محمد اکبر علی رضوی خطیب وامام نگینہ مسجد بالوترا

محسن راجستھان ایک مختصر تعارف

✍... معلمہ رابعہ بانو فیضانی

مدرسۃ البنات فاطمۃ الزہراء سنی ایجوکیشنل سوسائٹی بالوترا

جب سے یہ دنیا بنی ہے تب سے لے کر آج تک اس خاک دان گیتی پر ایسی بے شمار اور انگنت ہستیاں رونما ہوئیں، جن کی کاوشوں سے سارا عالم مہک رہا ہے، زمانہ جن کے علم وفضل، حکمت وتدبیر، بصیرت ومعاملہ فہمی، استقلال واستقامت، صداقت ودیانت، عبادت وریاضت، زہد وتقویٰ، انکساری وتواضع، حسن اخلاق وکردار کے ساتھ ساتھ علمی،

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

دینی، مسلکی، تبلیغی، روحانی و تصنیفی خدمات کا اعتراف کرتا ہے۔ ان نابغۂ نازشخصیات میں سے ایک شخصیت حضور بابائے قوم وملت محسن راجستھان اشفاق العلماء حضور مفتی اعظم راجستھان حضرت علامہ **مفتی محمد اشفاق حسین** صاحب قبلہ نعیمی علیہ الرحمہ کی بھی تھیں۔

پیدائش:۔ حضور مفتی اعظم راجستھان کی ولادت باسعادت ۲۵ ربیع الآخر ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۹ دسمبر ۱۹۲۱ء کو موضع شیونالی تحصیل وضلع جے پی نگر (امروہہ) یوپی میں ہوئی۔

آپ کا نام نامی اسم گرامی محمد اشفاق حسین ابن محمد الطاف حسین ابن کریم بخش ابن خدا بخش ہے، آپ کے آباؤ اجداد گاؤں کے مکھیا تھے،

تعلیم وتربیت:۔ آپ کے والد گرامی تعلیم یافتہ اور گاؤں کے مکھیا تھے، جب انہوں نے دیکھا کہ میرا لخت جگر سن شعور کو پہنچ رہا ہے اب اس کی تعلیم وتربیت ہونی چاہئے تو انہوں نے گاؤں میں ایک مکتب قائم کیا، جہاں آپ نے ابتدائی تعلیم مولوی سید حشمت علی مرحوم (جو ایک سنی سید باعمل بزرگ تھے) سے حاصل کی پھر درس نظامی کی تکمیل کے لئے ۱۹۳۳ء میں مدرسہ اجمل العلوم سنبھل میں داخلہ لیا اور دس سال کی شبانہ روز کی محنت ولگن کے بعد ۱۹۴۳ء میں سند فراغت حاصل کیا۔ آپ کے مشہور اساتذہ کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں (۱) اجمل العلماء حضرت علامہ محمد اجمل شاہ صاحب علیہ الرحمہ مفتی ہند، (۲) مناظر اہل سنت حضرت علامہ مفتی محمد حسین صاحب علیہ الرحمہ (۳) حضرت مصطفیٰ علی صاحب قبلہ علیہ الرحمہ (۴) حضرت علامہ تقدس علی علیہ الرحمہ (۵) مولوی سید حشمت علی علیہ الرحمہ (۶) حضور صدر الافاضل مولانا سید نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمہ۔

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

حلیہ مبارکہ :۔آپ دبلے پتلے اکرا بدن کے مالک تھے، پیشانی کشادہ اور پرنور ،گول چہرہ، قد میانہ، سر پہ دو پلی ٹوپی، کرتا اور علی گڑھی پائجامہ، پیروں میں جے پوری ناگرہ اور ہاتھ میں ہلکہ عصا، آپ نرم کلام اور ہشاش رہتے تھے۔

تقویٰ وپرہیز گاری:۔حضور مفتی اعظم راجستھان تقویٰ وپرہیز گاری میں بھی عظیم مقام رکھتے ہیں، عبادات کا باب ہو یا معاملات کی خاردار وادی کہیں تقویٰ کا دامن آپ نے کبھی نہیں چھوڑا، نماز کی پابندی کے سلسلے میں آپ کے ایک شاگرد رشید لکھتے ہیں کہ،

آپ کی پوری پچاس سالہ زندگی میں صرف چھ وقت کی نمازیں ہی قضا ہوئیں وہ بھی ایسی ناگزیر حالت میں کہ شدت مرض کی وجہ سے آپ پر غشی کا ایک دورہ رہا اور مکمل چھ نمازوں کا وقت گزر گیا لیکن آپ ہوش میں نہ آئے۔ یقیناً بے راہ روی کے ہوش ربا ماحول میں فرائض کی اس قدر رعایت مجاہدہ اور حقیقی تقویٰ ہے۔

منصب امامت:۔فراغت کے بعد مولانا محمد اشفاق حسین تدریسی خدمت وعمل کا آغاز اپنے ہی وطن کے قصبہ دڑیہال ضلع مراد آباد ۱۹۴۴ء میں کیا پھر کچھ عرصہ بعد صوبہ راجستھان کے ایک ترقی یافتہ شہر پالی مارواڑ میں تشریف لائے اور ایک غیر معروف مسجد کی امامت اور مکتب کے مدرس کی حیثیت سے دینی خدمت کا آغاز کیا دو سال تک انتہائی خلوص وللّٰہیت کے ساتھ تبلیغ کا فریضہ انجام دیتے رہے۔

تدریس:۔ابھی آپ کو پالی میں دو ہی سال گزرے تھے کہ آپ کے والد بزرگوار کے

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

سانحہ ارتحال کی خبر آئی اور آپ پالی سے گھر کے لئے پابہ رکاب ہوگئے، گھر سے واپسی پر اہل جودھپور نے پالی کی عوام اہل سنت سے گزارش کرکے آپ کو جودھپور بلوالیا۔ یہاں مدرسہ میں تین کمرے تھے اور مسجد میں ایک حجرہ تھا جس میں آپ تدریسی فریضہ انجام دینے لگے۔

منصب افتاء:۔ دارالعلوم اسحاقیہ کی ترقی کے ساتھ ہی ہر چہار جانب سے آپ کی بارگاہ میں استفتاء آنے شروع ہوگئے اور آپ اپنی تمام تر مصروفیات اور نوع بہ نوع ذمہ داریوں کے باوجود فتاوی دے کر لوگوں کے الجھے ہوئے مسائل سلجھانے لگے

بیعت اور اجازت وخلافت:۔ آپ اجمل العلماء مفتی محمد اجمل شاہ سنبھلی علیہ الرحمہ کے حلقہ ارادت میں شامل ہوگئے اور محدث اعظم ہند مولانا سید محمد کچھوچھوی، قطب مدینہ مولانا سید ضیاء الدین مہاجر مدنی، مفتی اعظم ہند مولانا الشاہ مصطفیٰ رضا اور سرکار کلاں مولانا سید مختار اشرف کچھوچھوی علیہ الرحمۃ والرضوان جیسے اکابرین وعمائدین اہل سنت نے آپ کو اجازت و خلافت کی نعمت عظمیٰ سے سرفراز فرمایا۔

مذکورہ سارے بزرگوں نے دوران تدریس آپ کے زہد وتقویٰ کو دیکھ کر اجازت وخلافت سے نوازا اس طرح اب آپ مفتی اعظم راجستھان ہونے کے ساتھ پیر طریقت بھی ہوگئے۔

اہل راجستھان کی قیادت:۔ راجستھانی مسلمانوں نے جب آپ کی ہمہ جہت شخصیت کا عمیق نظری سے جائزہ لیا اور آپ کی دینی خدمات کو دیکھا تو ہر نہج پر آپ کو بے داغ پایا بلکہ صاحب کمال پاکر آپ کی بڑائی کے سامنے سرخمیدہ ہوگئے اور اسلام دشمن عناصر کو

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

چھوڑ کر ہر خرد وکلاں خواہ عوام ہوں یا خواص، علماء ہوں یا طلبہ تقریباً سبھوں نے آپ کو اپنا قائد اور رہنما تسلیم کرلیا۔

حضور مفتی اعظم راجستھان کی قیادت میں پورا راجستھان رہا ہے بلکہ گجرات اور مدھیہ پردیش وغیرہ کا کچھ علاقہ بھی آپ مذہبی قیادت کے زیر نگیں رہا ہے، آپ کی قیادت کوئی رسمی قیادت نہیں تھی بلکہ آپ نے قیادت کا حق ادا کرتے ہوئے اپنے دائرۂ قیادت میں نمایا خدمت اور قابل رشک کارنامے بھی انجام دیئے ہیں۔

وصال پرملال:۔ چشم فلک نے آخر وہ منظر بھی دیکھا کہ ہر طرف آنسوؤں کا سیلاب ہر دل غمگین ہر آنکھ نم تھی جسے دیکھو آہ وبکا میں پڑا تھا۔ پورا راجستھان ہی نہی بلکہ ہندوستان کے ہر خطہ میں غم کی لہر دوڑ گئی یعنی یوم عرفہ ۱۴۳۴ھ کی شام میں تقریباً ۳/بجے علم ومعرفت کا وہ تابندہ ماہتاب ہماری نظروں سے روپوش ہوگیا، اناللہ وانا الیہ راجعون۔

جنازہ:۔ ۱۰/ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۶/اکتوبر ۲۰۱۳ء بروز چہار شنبہ کو جنازہ ایک نیرالی شان کے ساتھ اٹھا۔ آپ کے جنازہ میں عوام وخواص کا ایک ازدہام شریک تھا، اوپر سے نور ورحمت کی برسات ہورہی تھی عقیدت مند آپ کے آخری دیدار کے لئے ٹوٹے پڑرہے تھے، سارے انتظامات ناقص ثابت ہورہے تھے، قدم قدم چلنا مشکل ہورہا تھا، جس کی وجہ سے تدفین وقت معینہ سے کئی گھنٹے تاخیر سے عمل میں آئی۔ اور کیوں نہ ہو وہ ایک عارف باللہ اور قوم وملت کے عظیم رہبر تھے جو اہل دنیا کو ماتم کناں چھوڑ کر اپنے رب سے ملنے جارہے تھے، دنیا میں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ماتم تھا تو عرش پہ خوشی کی لہریں تھیں۔

عرش پر دھومیں مچیں وہ مومن صالح ملا　　فرش سے ماتم اٹھے وہ طیب وطاہر گیا

معلمہ رابعہ بانو فیضانی

باب دوم : مناقب محسن راجستھان

❁ حضرت اشفاق راہ مصطفیٰ کے رہبر ❁

... استاذ الشعراء حضرت مولانا حسنات احمد ناطق صاحب باسنوی

نور عشق مصطفیٰ ہے جس کے دل میں جلوہ گر
تاج لاخوفٌ علیہم کا ہے اس کے فرق پر

رونق جنت جسے ہے دیکھ کر حیرت زدہ
وہ ہیں ذرات مدینہ غیرت شمس و قمر

خاک راجستھان پر علم و یقیں کا یہ شجر
مفتی اشفاق کا ہے خاص فیضان نظر

پر بچھاتے ہیں فرشتے اس بشر کی راہ میں
گامزن ہے جو طریق احمد مختار پر

گلستان علم شریعت کا ہے یہ خلد نظر
مفتی اشفاق کی ہے پاسبانی کا ثمر

جستجو میں جس کی سرگرداں رہے صبح و مسا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

پاگئے اہل سنن وہ معدن لعل و گوہر

معدن لعل وگوہر وہ مفتی دین متین

حضرت اشفاق راہ مصطفیٰ کے رہبر

مفتی اجمل کا ہے حسن وجمال دل نشیں

نور افشاں آپ کے آئینہ رخسار پر

حضرت صدر الافاضل سے ملی ہیں نعمتیں

اس بنا پر ہے نعیمی تغمہ وجہ ناز پر

آج بھی علم و عمل کا ہے سر تسلیم خم

حضرت اشفاق ہیں ناطق وہ مرد خوش نگر

❊ جاری ہے آج بھی فیضاں حضرت اشفاق کا ❊

...سردار احمد برکاتی وحیدی

کیا بتائیں کیسا ہے فیضاں حضرت اشفاق کا

جاری ہے آج بھی فیضاں حضرت اشفاق کا

ہو زندہ سنت خیر الورا سارے راجستھان میں

یہی تو تھا عزم و ارماں حضرت اشفاق کا

نجدیت کانپ اٹھی نام ان کا جب جب سنا

علم رضا جو تھا ساماں حضرت اشفاق کا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

دشمنوں نے گرانا چاہا ان کو گرا نہ سکے کبھی
کیونکہ خود خدا تھا نگہباں حضرت اشفاق کا

ایسی کی تھی پاسبانی جیسا ان کو درس ملا
استاد تھا ملت کا پاسباں حضرت اشفاق کا

ضعف و بزرگی میں نہ چھوڑی خدمت دین
کیا پختہ تھا جذبہ ایماں حضرت اشفاق کا

جابجا شمع علم روشن کی راجستھان میں
جگمگاتا رہے گا راجستھاں حضرت اشفاق کا

اپنی نیابت کردی عطا شیر راجستھان کو
تاکہ چلتا رہے یہ کارواں حضرت اشفاق کا

سردارکو بھی ملے گا فیض اشفاقی صدا
سب پہ ہے جیسا احساں حضرت اشفاق کا

❊ حضرت اشفاق ہیں ملت کے تابندہ گوہر ❊

...مولانا اسرائیل شاداب مدھوبنی

اہل حق کا ہے سر تسلیم خم اس بات پر
حضرت اشفاق ہیں ملت کے تابندہ گہر

ان کی ہر اک بات میں صدق و صفا ہے جلوہ گر

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

یہ جہان سنیت کی ہیں دلیل معتبر

ہر طرف چھائی ہوئی ہے نور و نکہت کی بہار

واہ کیا باغ نعیمی ہے پھر اوج پر

آج بھی ایوان باطل لرزہ بر اندام ہے

کانپ جاتے ہیں تمہارا نام سن کر اہل شر

وہ زمانے میں مقدر کا سکندر بن گیا

ہو گئی جس کی طرف ان کی نگاہ پر اثر

منفرد ہے ذات ان کی ارض راجستھان پر

پا گئے اہل سنن وہ معدن لعل و گوہر

مفتی اشفاق ہیں لاریب اک زندہ ولی

طالبان وقت میں ہے ذات ان کی معتبر

جب سے آنکھوں میں سمایا ہے جلوہ زیبا ترا

عکس تابان نعیمی ہے رخ شاداب پر

❊ وہ کیا خوب گہربار ہیں مفتی اشفاق ❊

...مولانا عبدالقدوس مصباحی سالک بستوی

عاشق سید ابرار ہیں مفتی اشفاق

پیکر سیرت سرکار ہیں مفتی اشفاق

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

طوطی نغمہ سرا ان کے تکلم پر فدا
وہ کیا خوب گہر بار ہیں مفتی اشفاق

آنکھ میں نورحیا دل میں خشیت رب کی
جامی و رومی و عطار ہیں مفتی اشفاق

ان کے دیدار سے اللہ کی یاد آتی ہے
یعنی من جملہ اخیار ہیں مفتی اشفاق

ساقی میکدہ عشق ہیں غوث اعظم
بادہ عشق سے سرشار ہیں مفتی اشفاق

کشتی مغفرت اہل معاصی کے لئے
فضل غفار سے پتوار ہیں مفتی اشفاق

کارناموں میں ہیں اخلاص کے جوہر پنہاں
قوم و ملت کے رضا کار ہیں مفتی اشفاق

پانی پانی ہوا جاتا ہے جگر باطل کا
کیوں نہ ہو شیر گرج دار ہیں مفتی اشفاق

اہل حق کے لئے غم خوار ہیں باطل کے لئے
غوث کا خنجر خونخوار ہیں مفتی اشفاق

ہو کرم ہم بھی کسی کام کے لائق ہوجائیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

منزلیں گرچہ بہت سخت ہیں پھر بھی سالک
ورنہ ہم تو بڑے بے کار ہیں مفتی اشفاق
غم نہیں، حامی، مددگار ہیں مفتی اشفاق

❁ تہ دامان اشفاق نعیمی بس قرار آمد ❁

... مولانا حسنات احمد ناطق باسنوی

دریں محفل تجلی جمال کبریا بینم
بہر منزل چراغ نقش پائے مصطفیٰ بینم

بنوشم جام عشق مصطفیٰ مخموری گردم
دریں خمخانہ ہستی سرور دائما بینم

مجلی کردم از عشق و وفا آئینہ دل را
دریں آئینہ روے مفتی اشفاق را بینم

امیر کارواں چوں مفتی اشفاق را کردم
بسلک معرفت من خویش را منزل رسا بینم

جمال غوث اعظم حسن خواجہ نزہت اشرف
عیاں ہر سو بحب حضرت احمد رضا بینم

رہ احمد رضا بنمود مارا مفتی اعظم
دریں رہ مفتی اشفاق را بس رہنما بینم

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

شدہ دارالعلوم اسحاقیہ سر چشمہ ایمان
کرامات شہ اشفاق را جلوہ نما بینم

تہ دامان اشفاق نعیمی بس قرار آمد
ہمی گویم کہ ناطق بر سرم ظل ہما بینم

❊ اے محسن ہم تیرا احسان بھلا کیا پائیں گے ❊

سردار احمد برکاتی وحیدی...

دوسرا مشفق کہاں آپ کے جیسا پائیں گے
اے محسن ہم تیرا احسان بھلا کیا پائیں گے

گردش زمانہ نے قیامت برپا کی راجستھان پر
مفتی اعظم کا بدل پھر سے ہم کیا پائیں گے

اپنے نائب کو قوت حیدری عطا کیجئے آقا
دین کے دشمن پھر اپنا کیا سر اٹھا پائیں گے

فیض اشفاق کی نہر پھر سے راجستھان میں
نظر غوث اعظم کی کرم خواجہ کا پائیں گے

تیری خدمت تیرا جذبہ ہر مؤمن کے سینے میں
ناتواں محبین حق وفا کیسے نبھا پائیں گے

آرہی ہے برملا ہر طرف سے یہی اک صدا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

نعیمی کی دینی خدمت نہیں بھلا پائیں گے

خوش مزاجی پہ زمانہ رشک کرتا ہے آج بھی
تیرے پیچھے کہاں تجھ سا پارسا پائیں گے

خوبیاں بے شمار حسن و اخلاق پاک کردار
تیری نورانی صورت کیسے بھلا پائیں گے

برس رہا ہے تیرے کرم کا بادل ہر طرف
راجستھانی تجھ سے فیض صدا پائیں گے

فیضان اشفاق کے جھرنا تلے بیٹھ کر سردار
علم کا آبشار ہر طالب دیں بھی ایسا پائیں گے

❊ السلام اے جانشین شاہ اجمل ذی حشم ❊

...مولانا محمد حسین حسین باسنوی

طفل مکتب کیا اٹھائے تیری مدحت میں قلم
عقل گم ہے تجھ میں میری کیا کروں میں اب رقم
السلام اے نائب خیرالورا شاہ امم

السلام اے پیکر حسن و کرم علم و حکم
تیری صورت سے جھلکتا نور پیہم خو بخو
تیری سیرت آئینہ اسلاف کا ہے ہو بہو

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

طالب راہ صداقت کو تیری جستجو

السلام اے جانشین شاہ اجمل ذی حشم

بحر علمی ہو گیا آفاق میں جاری ترا
فقہ دانی میں نظر آتا نہیں ثانی ترا
ہر بشر شیدا ہے تجھ پر دلبر و جانی ترا

السلام اے بندہ حق صاحب لوح و قلم

خلق کہتی ہے تجھے مرد ولی باصفا
لالہ زار معرفت کا ہے گل تر خوشنما
تو محبت پیار شفقت کا سمندر بے ریا

السلام اے عالم اسرار دین محترم

جامعہ اسحاقیہ کا تو امیر کارواں
گلشن اسحاق کا تو بالیقیں ہے باغباں
تیر دم سے بن گیا رشک چمن صحن جہاں

السلام اے فخر ملت مصدر علم و حکم

مفتی ملت ہے تو اور قوم کا سردار ہے
مسلک احمد رضا کا تو علمبردار ہے
مفتیان دین میں تو صاحب کردار ہے

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

السلام اے پاسبان دین و ملت محتشم
سب ترے علم کے معترف ہیں بالیقیں
یہ حسین اشرفی بھی ہے ترا اک خوشہ چیں
گوشۂ چشم کرم ہو مفتی دین متیں

السلام اے مخزن جود و سخا لطف و کرم

❊ ہے ثریا سے بھی اونچی رفعت مفتی اشفاق ❊

✍...محمد اکبر علی رضوی خطیب وامام نگینہ مسجد بالوترا

کیا بتاؤں آپ کو کیا ہے عظمت مفتی اشفاق
ہے ثریا سے بھی اونچی رفعت مفتی اشفاق

کلک رضا کی وار سے اعداء دیں کو مات دی
تھے کرامت مخدوم سمناں حضرت مفتی اشفاق
نام ہی سے کانپتے ہیں بد عقیدہ آج بھی
طاری ہے سب کے دلوں پر ہیبت مفتی اشفاق

ہیچ ہیں اس کی نظر میں باغ دنیا کی بہار
بس گئی جس کی نظر میں صورت مفتی اشفاق
تھے مناظر اہل سنت و الجماعت کے بے مثال
تھے تلوار شاہ اجمل حضرت مفتی اشفاق

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

دی امانت قوم کو اسحاقیہ کی شکل میں
کتنی پاکیزہ تھی گویا نیت مفتی اشفاق

دے گئے حاجی معین الدین جیسے جانشیں
جس کے چہرے سے عیاں صورت مفتی اشفاق

دین حق کی پاسبانی اس طرح وہ کر گئے
سب کے دلوں میں معجزن عظمت مفتی اشفاق

صدقہ غوث و خواجہ اور امام احمد رضا
دامن اکبر میں ہے نسبت مفتی اشفاق

❊ مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان ❊

✍...مولانا سجاد علی خان رضوی ساز بلرام پوری

مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان
علم و حکمت عقل و دانش کے پیکر انسان
مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

راجستھان کی بنجر دھرتی بالکل سونی سونی تھی
کوئی نظم و ضبط نہیں تھا ہر سو لا قانونی تھی
علم دین کا شجر لگا کے تو نے کیا احسان
مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

علم وادب کے کتنے جوہر تیری ذات سے نکلے ہیں
پی کر جام عشق محمد دنیا میں سب پھیلے ہیں
ہے تیری یہ اعلیٰ کرامت کہتا ہے ایمان
مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

عادات واطوار کا تو نے سکہ جما کے چھوڑا ہے
تبلیغ وتقریر سے تو نے باطل کا منہ موڑا ہے
تیری اعلیٰ ذات کو دیکھا بھاگ اٹھا شیطان
مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

تبلیغ اسلام کے تو نے مرکز قائم کر ڈالے
عالم حافظ مفتی مناظر امت کو ہیں دے ڈالے
رحمت ہو مرقد پہ تیرے جاری رہے فیضان
مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

تیری دعا پاک کی برکت سے گمراہی دور ہوئی
راجستھان کی بنجر دھرتی سے ظلمت کافور ہوئی
ساز تو دامن تھام لے ان کا خوش ہوگا رحمان
مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

❊ حضرت اشفاق کا کس پہ نہیں احسان ہے ❊

✍... مولانا توصیف رضا فیضان پورنیہ بہار

حضرت اشفاق کا کس پہ نہیں احسان ہے
اس لئے تو ساری ملت جان سے قربان ہے

جن کی علمیت سے ڈرتا ہے وہابی آج بھی
وہ خدا کا شیر ہے وہ غازی میدان ہے

حضرت اشفاق کی ذات ہے بے شک بے مثال
ہر ادا جن کی شعور زیست کی پہچان ہے

حق نے بخشا آپ کو علم کمال زندگی
دل ہمارا کیا زمانہ آپ پہ قربان ہے

میزبانی ان کی فطرت اور سخاوت ان کا کام
شاد ان سے ہو گیا جو بھی بنا مہمان ہے

یہ عروج و ارتقاء کی مل گئی منزل انہیں
اصل میں احمد رضا کا خاص یہ فیضان ہے

❊ وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان ❊

✍... سردار احمد برکاتی وحیدی

شہشاہ دوعالم پہ جو تھا تن من سے قربان
غوث کا انعام تھا وہ خواجہ کا تھا فیضان

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

رضا کی چوکھٹ سے آیا تھا بن کر سلطان

وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان

زہد و تقویٰ دیکھ کر جن کا غیر بول اٹھے

قدموں میں سر رکھ جن کے اپنے بھی جی اٹھے

ایسا کون تھا جس کی رب نے بڑھائی یہ شان

وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان

راجستھان کی سرزمین پر بن کر آیا وہ رہبر

ناتواں تھا جسم جس کا قلب سے تھا اک ساغر

گھر گھر علم کی شمع ہو روشن جن کا تھا ارمان

وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان

علم کی مہک سے جس نے راجستھان کو مہکایا

مسلک اعلیٰ حضرت ہے کیا جس نے یہ بتلایا

راجستھان کی دھرتی پہ جس کے لاکھوا حسان

وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان

جامعہ فیضان اشفاق ان کے فیض کا دھارا

مرکز اسحاقیہ پہ بھی ہے آج بھی جن کا پہرا

علم کے طالب سیکھتے ہیں جہاں حدیث وقرآن

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان

علم وہنر کی خوشبو سے سب گلشن مہکا دیئے
گلی گلی قریہ قریہ شمس و قمر چمکا دیئے
جن کی کرنوں سے روشن سارا راجستھان

وہ محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان

طالب ہے فیض کا تیرے در پہ کھڑا سردار حزیں
کرم کا کھول دو دروازہ تم کو کوئی بار نہیں
لوٹا نہیں کوئی بھی خالی ،اس پہ بھی ہوا حسان

اے محسن راجستھان مفتی اعظم راجستھان

❊ عکس حسن مصطفیٰ ہیں مفتی اشفاق حسین ❊

✍... مولانا علی احمد صاحب سیوانی
رضوی اپارٹمنٹ، میڈیکل کالج روڈ، جامعہ اردو علی گڑھ

حمد خوان کبریا ہیں مفتی اشفاق حسین
جاں نثار مصطفیٰ ہیں مفتی اشفاق حسین

حق پرست و حق نوا ہیں مفتی اشفاق حسین
سر حق سے آشنا ہیں مفتی اشفاق حسین

کیوں نہ روشن ہو جہان عقل و دانش کا چمن

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

بزم دانش کی ضیا ہیں مفتی اشفاق حسین

دین و ملت کی سدا خدمات میں مصروف ہیں

دین داروں پہ فدا ہیں مفتی اشفاق حسین

طالبان علم وفن ہوتے ہیں ان سے فیض یاب

علم وفن کا جامعہ ہیں مفتی اشفاق حسین

دیکھ کر روئے درخشاں دل منور ہوگئے

جلوۂ مہر وفا ہیں مفتی اشفاق حسین

کفر کی تاریکیاں کا فور ہو جائے نہ کیوں

دین کا روشن دیا ہیں مفتی اشفاق حسین

دور طفلی سے یقیناً کہتے ہے سنبھل کے لوگ

پاک باز و پارسا ہیں مفتی اشفاق حسین

صحبت شاداب سے پر نور ہیں اہل نظر

ساقئ جام صفا ہیں مفتی اشفاق حسین

قوم کی بد حالیوں کو دور کرنے کے لئے

پیش رب محو دعا ہیں مفتی اشفاق حسین

مومنوں کے دل کی محفل جس سے نکہت بیز ہے

وہ شمیم جاں فزا ہیں مفتی اشفاق حسین

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

علم و حکمت کے چمن کا آج راجستھان میں
عندلیب خوشنوا ہیں مفتی اشفاق حسین

کیوں نہ ان کی یاد کے جلوؤں سے دل روشن کریں
چشم باطن کی ضیا ہیں مفتی اشفاق حسین

اسوۂ حسنہ پہ ان کے اہل حق قربان ہیں
اہل حق کے پیشوا ہیں مفتی اشفاق حسین

کیوں نہ آئیں روح کی بیماریاں لے کر مریض
صاحب دست شفا ہیں مفتی اشفاق حسین

دین و دنیا کی ضرورت لے کر ہم جائیں کہاں
پیکر لطف و عطا ہیں مفتی اشفاق حسین

جس کے دل میں درد ہے امت کے رنج و فکر کی
قوم کے وہ مقتدا ہیں مفتی اشفاق حسین

فضل رب فیضان سرکار مدینہ کے طفیل
خادم دین خدا ہیں مفتی اشفاق حسین

کیا بگاڑیں گے بھلا دشمن ہمارے دین کا
حامی دین خدا ہیں مفتی اشفاق حسین

دیکھ کر چہرے کی تابانی خدا آتا ہے یاد

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

عکس حسن مصطفیٰ ہیں مفتی اشفاق حسین

خواجگان کلیر و سنجر پہ ہیں دل سے نثار
عاشق غوث الورا ہیں مفتی اشفاق حسین

کیجئے ہم پر نوازش دیجیے ہم کو دعا
ہم تو محتاج دعا ہیں مفتی اشفاق حسین

کیسے ڈوبے گی بھلا طوفان میں کشتی قوم کی
جب کہ اس کے ناخدا ہیں مفتی اشفاق حسین

آؤ سنبھل چل کے پی لیں بادۂ عرفاں کا جام
معرفت کا میکدہ ہیں مفتی اشفاق حسین

کبر و نخوت کا سر مغرور جھکتا ہے جہاں
واقعی وہ نقش پا ہیں مفتی اشفاق حسین

جلوہ حق دیکھنے سے جس میں آتا ہے نظر
حق نما وہ آئینہ ہیں مفتی اشفاق حسین

جہل و نادانی کے جسم برہنہ کے واسطے
علم و دانش کی ردا ہیں مفتی اشفاق حسین

دیکھ کر چشم کرم سے دل کو صقیل کیجئے
سر بہ سر ہم پر خطا ہیں مفتی اشفاق حسین

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اہل باطل لرزہ براندام ہو جائیں نہ کیوں
پنجہ شیر خدا ہیں مفتی اشفاق حسین

دل کے غنچے پھول بن جاتے ہیں جس کے لمس سے
وہ ہوائے دلکشا ہیں مفتی اشفاق حسین

ابر رحمت کیوں نہ برسے چہرۂ پر نور سے
قرب حق میں دائما ہیں مفتی اشفاق حسین

مسئلہ کوئی بھی لاؤ دین کا مشکل یہاں
حل یہ کرتے برملا ہیں مفتی اشفاق حسین

چشم باطن سے نہاں جس کی نہیں ہے کوئی شئ
وہ ولی باصفا ہیں مفتی اشفاق حسین

جس کو سن کر اہل حق کو حق کا عرفان ہوگیا
حق کی وہ دلکش صدا ہیں مفتی اشفاق حسین

سارے راجستھان پر ہے جس کا علمی دبدبہ
ایسے عالم با خدا ہیں مفتی اشفاق حسین

کیوں نہ اوصاف حمیدہ پر میں لکھوں منقبت
وصف خوان مصطفیٰ ہیں مفتی اشفاق حسین

ان کے قدموں سے لپٹ کر کیوں نہ ہم چلتے رہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

دین حق کا راستہ ہیں مفتی اشفاق حسین
پی کے نوری میکدہ سے بادۂ الفت کا جام
بے خود و سرمست سا ہیں مفتی اشفاق حسین

ہر گھڑی ہر وقت ہر لمحہ نبی کے فیض سے
محو در یاد خدا ہیں مفتی اشفاق حسین
عالمان حق نگر کے درمیان در واقعہ
ذی حشم ، ذی مرتبہ ہیں مفتی اشفاق حسین

ظالمان وقت سارے ہوگئے رو پوش ہیں
قامع قصر جفا ہیں مفتی اشفاق حسین
مجھ علی بے نوا پر بچپنے سے دوستو
رحم فرما دائما ہیں مفتی اشفاق حسین

کیوں نہ ان کے در پہ میں جم کر رہوں ہر دم علی
میرے بھی تو غم زُدا ہیں مفتی اشفاق حسین
دامن پر نور سے ہوجاؤ وابستہ علی
پیر کامل با خدا ہیں مفتی اشفاق حسین

❁ میرے مفتی اعظم راجستھان ❁

عشق شہنشاہ دو عالم جن کی تھی پہچان

...شاعر اسلام حضرت اسد اقبال کلکتوی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

مسلک اعلیٰ حضرت پہ تھے وہ دل سے قربان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

پورے راجستھان میں جس نے دین نبی کا کام کیا
مسلک اعلی حضرت کو جس نے گھر گھر میں عام کیا
ہر سنی کے گھر پہونچایا آقا کا فرمان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

خواجہ معین الدین کی جن کو لوگ کرامت کہتے ہیں
حضرت اجمل کی سب جن کو ایک امانت کہتے ہیں
جن کو بریلی اور کچھوچھہ کا کہیے فیضان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

غوث وخواجہ اور رضا کی جو چوکھٹ تک پہونچایا ہے
ان کا دامن تھام کے جاؤ جنت یہ بتلایا ہے
راجستھانی سنی پر ہے ان کا بڑا احسان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

دشمن آقا کو جس نے میدان میں جا کر للکارا
علم رضا کا لے کے سہارا نجدی وہابی کو مارا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

دیکھ کے جس کو بھاگ اٹھتا تھا ہر نجدی شیطان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

دین کا ایسا قلعہ بنایا راجستھان کی دھرتی پر
علم و ہنر کا دریا بہایا راجستھان کی دھرتی پر
آپ کی ذات سے جگمگ کرتا ہے یہ راجستھان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

آپ کے جانے کا صدمہ ہے ہر ایک سنی سینے میں
لیکن آپ کا وہ جلوہ ہے ہر ایک سنی سینے میں
بچہ بچہ راجستھان کا تم پہ ہے قربان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

آج اسد اقبال ہے آیا دور سے تیری چوکھٹ پر
کان لگائے بیٹھا ہے تیرے کرم کی آہٹ پر
اپنے علم کا صدقہ دے دو بس یہی ہے ارمان

میرے مفتی اعظم راجستھان مفتی اعظم راجستھان

❊ رہنمائے راہ جنت مفتی اشفاق ہیں ❊

...حضرت حافظ وقاری محمد شریف القادری بہرائچ

چرخ رفعت ماہ طلعت مفتی اشفاق ہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

منبع حسن شرافت مفتی اشفاق ہیں

افتخار قوم و ملت مفتی اشفاق ہیں

معدن فضل و سخاوت مفتی اشفاق ہیں

منزل راہ صفا ہے آپ کا نقش قدم

رہنمائے راہ جنت مفتی اشفاق ہیں

یاد آئے دیکھ کر جن کو خدائے ذوالجلال

دیکھ لو نورانی صورت مفتی اشفاق ہیں

تابش علم و ہنر سے کتنے دل روشن ہوئے

ایسی اک شمع ہدایت مفتی اشفاق ہیں

دم بخود ہے ان کی ہیبت سے شرار نجدیت

جان نثار اعلی حضرت مفتی اشفاق ہیں

گلشن علم و ادب کی آبیاری مرحبا

ہر گل و غنچہ کی نکہت مفتی اشفاق ہیں

شکر رب کرتے رہو نعمت نہ کھوجائے کہیں

غافلوں یہ رب کی منت مفتی اشفاق ہیں

ہے شریفؔ القادری توصیف میں رطب اللسان

عالم رمز شریعت مفتی اشفاق ہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

❊ پیشانی پرنور ولایت مفتی اعظم راجستھان ❊

✍... شکیل احمد ضیاء القادری سنبھلی، ایم۔اے (اردو) یونیورسٹی میڈلسٹ، محلہ جگت سنبھل (مرادآباد)

رہبر ملت بدر شریعت مفتی اعظم راجستھان
حامی سنت اہل طریقت مفتی اعظم راجستھان

دین کی خاطر سب کچھ چھوڑا طوفانوں سے ٹکر لی
کوہستان کی بدلی قسمت مفتی اعظم راجستھان

علم کی ایسی شمع جلائی جس کا اجالا گھر گھر ہے
چھانٹ کے رکھ دی جہل کی ظلمت مفتی اعظم راجستھان

صبر قناعت پر تکیہ ہے زہد و تقا کی طاقت ہے
داد کے قابل آپ کی ہمت مفتی اعظم راجستھان

باغ رضا کے بلبل تم ہو گلشن رضا کے ہو پھول
اشرف سمنانی کی نزہت مفتی اعظم راجستھان

آپ ضیاء قطب مدینہ صدر افاضل کے پیارے
مفتی اعظم ہند کی نکہت مفتی اعظم راجستھان

مرکز سنت بن کر چمکا مدرسہ شاہ اسحاق
آپ نے کی ہے کتنی مشقت مفتی اعظم راجستھان

آپ نے ایسا کام کیا ہے خرد و کلاں سب ہیں ممنون

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

شاد ہوئے سب اہل سنت مفتی اعظم راجستھان

شام ابد تک نام رہے گا ہر سو اس کا چرچا ہے
تم نے کی وہ کرامت مفتی اعظم راجستھان

عشق نبی کی مے چھلکائی تشنہ لبوں کی پیاس بجھی
ساقی بزم جام طریقت مفتی اعظم راجستھان

دل نور ایماں سے روشن اس میں ہے ملت کا درد
پیشانی پر نور ولایت مفتی اعظم راجستھان

آج ضیاء خستہ دل پر ایک نظر ہو شفقت کی
کنز عنایت کان مروت مفتی اعظم راجستھان

❋ جابجا شمع علم روشن کی راجستھان میں ❋

...سردار احمد وحیدی برکاتی

ورثۃ الانبیاء کا اوڑھ کر تاج آیا نبی کا وارث
حق وراثت کس طرح نبھا گیا نبی کا وارث

راجستھان کی بنجر دھرتی کو بنادیا گلشن
علم و ہنر کے ایسے باغ لگا گیا نبی کا وارث

مفتی اجمل کی شمشیر بن کر نکلا جس سمت
نجدیت کے وہ قلعے ڈھاتا گیا نبی کا وارث

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

فیض احمد رضا بن کے برسا جس جس جگہ
فصل سنیت کی ہری بھری کر گیا نبی کا وارث

مفتی اعظم سے عوام خواص نے انہیں جانا
محسن راجستھان کہلوا گیا نبی کا وارث

اشفاق حسین کے ساتھ نعیمی نسبت جو تھی
قادری اشرفی رضوی سب بنا گیا نبی کا وارث

صاحبان قدر نے جسے سر کا تاج مانا دہر میں
قلب ہر مومن کو منور کر گیا نبی کا وارث

جابجا شمع علم روشن کی راجستھان میں
اسحاقیہ کو مرکز اہل سنن بنا گیا نبی کا وارث

سردار ہی کیا ہر ذی شعور مانتا نسبت تیری
ہر موڑ پر ایک وارث کھڑا کر گیا نبی کا وارث

❁ مجمع فیض کرامت مفتی اشفاق ہیں ❁

...حضرت مولانا جزیل احمد صاحب اسد القادری

بدر تابان شریعت مفتی اشفاق ہیں
نیر چرخ طریقت مفتی اشفاق ہیں
وارث علم نبوت مفتی اشفاق ہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

عامل قرآن و سنت مفتی اشفاق ہیں

رہبر راہ طریقت مفتی اشفاق ہیں

رونق بزم ولایت مفتی اشفاق ہیں

مقتدائے اہل سنت مفتی اشفاق ہیں

منبع رشد و ہدایت مفتی اشفاق ہیں

راہ روان راہ حق کے واسطے بے حد شفیق

اور سراپا عشق و الفت مفتی اشفاق ہیں

ان کی بزم فیض سے خالی کوئی جاتا نہیں

چشمۂ بحر سخاوت مفتی اشفاق ہیں

کردیا جس نے اجالا سارے راجستھان میں

شمع بزم اہل سنت مفتی اشفاق ہیں

مرد حق آگاہ ، حق گو، حق پرست و حق نگر

محرم راز حقیقت مفتی اشفاق ہیں

ہر گھڑی ان سے کرم کی کیوں نہ ہم کو آس ہو

مصدر لطف و عنایت مفتی اشفاق ہیں

مفتی اعظم کا مظہر ذات والا آپ کی

صدر بزم علم و حکمت مفتی اشفاق ہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

جانشین شاہ اجمل ان کی ذات باصفات

با کرامت با وجاہت مفتی اشفاق ہیں

قادری رضوی نعیمی اشرفی و اجملی

مجمع فیض کرامت مفتی اشفاق ہیں

اک اسدؔ ہی کیا زمانہ ان کا گرویدہ ہوا

مرکز عشق و محبت مفتی اشفاق ہیں

❁ ہیچ ہیں جن کے آگے آفتاب ومہتاب ❁

✍... سردار احمد وحیدی برکاتی

مفتی اعظم راجستھان جن کا خطاب

حضرت اشفاق ہیں ایسے ہی لا جواب

جن کا ثانی نہیں ہے راجستھان میں

فیض نعیمی کا تھا یہ سہانا انتخاب

عظمت ان کی کیا بتائیں تھی آفاق پر

مصطفیٰ کے عاشق صادق تھے لا جواب

جس راہ نکل گئے چراغاں کرتے گئے

خدمت دین کا جذبہ تھا بے حساب

خدمت خلق نے دیا ان کو اونچا مقام

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ہیچ ہیں جن کے آگے آفتاب و مہتاب

راجستھانی دھرتی کا شمع فروزاں تھا
ہند میں بھی تھا جو اک گوہر نایاب

اشفاق العلماء لوگ جن کو کہنے لگے
محسن راجستھان ہے جن کا خطاب

جس نے اپنی کرنوں سے سنیت چمکائی
آسمان سنیت کا چمکتا ہوا وہ آفتاب

سحرا میں بھی بکھیرے لعل و گوہر
آبادیاں ہو رہی ہیں جس سے فیض یاب

علم دین نبی کی کردی جاری نہریں
لا علم پی کے ہو رہے ہیں جسے سیراب

اسحاقیہ مرکز سنیت راجستھان میں
جامعہ فیضان اشفاق بھی ان کا انتخاب

سردار بھی لکھے گا محسن کی سیرت
خدا را پورا کردے اس کا جو ہے خواب

❊ اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق ہیں ❊

...مولانا سمیع اللہ ثاقب بیکانیری

نیک سیرت خوش ادا شیریں بیاں اشفاق ہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اپنے بیگانے ہر اک پر مہرباں اشفاق ہیں

کون ہے جس پر نہیں ہے آپ کا دست شفیق
راحت خورد و کلاں پیر و جواں اشفاق ہیں

اہل زر کے واسطے بھی ہے سدا لطف عمیم
اور مدد گار معین بیکساں اشفاق ہیں

اہل سنت کے لئے ہیں آفتاب معرفت
نجدیوں کے لئے شعلہ فشاں اشفاق ہیں

کتنے پیچیدہ مسائل حل کئے ہیں آپ نے
علم و فن کے بالیقین کوہ گراں اشفاق ہیں

دم قدم سے ان کے راجستھان منور ہوگیا
مثل مہتاب منور ضو فشاں اشفاق ہیں

جامعہ اسحاقیہ ہے ایک باغ احمدی
اس گلستان نبی کا باغباں اشفاق ہیں

سنیت قائم ہے ان کے دم سے راجستھان میں
دین و ملت کے یقیناً پاسباں اشفاق ہیں

فیصلہ ہر ذی شعور و ذی نظر کا ہے یہی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق ہیں

اس بھری بزم سخن میں کہہ دو ثاقبؔ برملا
جس چمن کے تم ہو گل وہ گلستاں اشفاق ہیں

❁ سب پہ روشن ہے ولایت حضرت اشفاق کی ❁

✍... حضرت مولانا عبید اللہ حیدری

کیا بیاں ہو شان و عظمت حضرت اشفاق کی
سب پہ روشن ہے ولایت حضرت اشفاق کی

کس نے گاڑے سنیت کے جھنڈے راجستھان میں
کس کی تھی یہ ساری محنت حضرت اشفاق کی

جو کٹھن حالات میں کوہ گراں بن کر رہے
اللہ اللہ استقامت حضرت اشفاق کی

یہ زبان حال سے بولا جنازے کا ہجوم
کس قدر شیداء ہے خلقت حضرت اشفاق کی

شیر راجستھان کو اپنا نائب مقرر کر دیا
ہو مبارک یہ نیابت حضرت اشفاق کی

کون تجھ کو جانتا تھا اب تو ہے چوکہ شریف
بن گئی جو تجھ میں تربت حضرت اشفاق کی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

جن کے قدموں کو چھوا کرتے تھے آکر منتری
تھی حکومت یہ حکومت حضرت اشفاق کی

ایک چھوٹا سا مدرسہ کیا سے کیا بنتا گیا
کیا تھی حکمت اور ہمت حضرت اشفاق کی

حیدری پوچھا گیا اگر حشر میں کیا لائے ہو
ہم کریں گے پیش نسبت حضرت اشفاق کی

❊ ہے محسن راجستھان مفتی اشفاق حسین نعیمی ❊

... سردار احمد وحیدی برکاتی

ہے محسن راجستھان مفتی اشفاق حسین نعیمی
ہر دلِ سنی کا سلطان مفتی اشفاق حسین نعیمی

دین حنیف ان کا رہا مقصد حیات راجستھان میں
ہر سنی کی بنے پہچان مفتی اشفاق حسین نعیمی

مسلک اعلیٰ حضرت کا پرچار کرتے تھے ہر جگہ وہ
دل سے اس پہ قربان مفتی اشفاق حسین نعیمی

لہلہا دیا یہاں گلشن دیں کیسی تھی یہ بنجر زمیں
سارا کا سارا راجستھان مفتی اشفاق حسین نعیمی

جس کے فیض سے سرسبز و شاداب ہے اسحاقیہ

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اس مرکز کی ہے آن مفتی اشفاق حسین نعیمی

جس کے علم و حکمت سے راجستھان ہے فیض یاب
مفتی اعظم راجستھان مفتی اشفاق حسین نعیمی

سر زمین ریگستان پرسنیت کی جو ہے آج آبرو
اہل سنت کا ہے نشان مفتی اشفاق حسین نعیمی

خدایا تا قیامت ان کا فیضان رہے اہل سنت پر
ہیں جتنے مشفق و مہربان مفتی اشفاق حسین نعیمی

دشمن دیں نجدی کے لئے شمشیر بو حنیفہ تھے وہ
علم رضا کا بحر بیکراں مفتی اشفاق حسین نعیمی

درس و تدریس ہو یاخطابت صاحب فنون کہیے
دین حق کے ترجمان مفتی اشفاق حسین نعیمی

دشمن دین کو ہر میدان سے مار بھگایا جس نے
دین حنیف کا پاسبان مفتی اشفاق حسین نعیمی

سردار خستہ حال نہ ہو تو بھی اس طرح سے آج
تجھ پہ برسے گا فیضان مفتی اشفاق حسین نعیمی

❊ جن کی نبض وقت پر ہیں انگلیاں اشفاق ہیں ❊

گلشن اردو ادب کے پاسباں اشفاق ہیں

... ذاکر حسین ادیب بیکانیری

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

در حقیقت محسن اردو زباں اشفاق ہیں

اہل سنت راہ حق سے یوں بھٹک سکتے نہیں
اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق ہیں

بے کسوں کے جھونپڑوں کو پھونکتے ہیں جو یہاں
ان کی خاطر صورت برق تپاں اشفاق ہیں

کوئی بھی اس بے زباں کو بے زباں مت جاننا
آج بھی جس بے زباں کے ترجماں اشفاق ہیں

ہر گھڑی آٹھوں پہر حالات کے مد نظر
جن کی نبض وقت پر ہیں انگلیاں اشفاق ہیں

رہ رو راہ محبت کے لئے اس دور میں
منزل مقصود کا زریں نشاں اشفاق ہیں

پاس رہتا ہے جنہیں خُلق نبی کا ہر گھڑی
سر زمین خُلق کا وہ آسماں اشفاق ہیں

جو غریب و بے کس و مظلوم کے سر پر ادیبؔ
دست شفقت رکھتے ہیں وہ مہرباں اشفاق ہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

❁ فیض جن سے پارہا ہے اک جہاں اشفاق ہیں ❁

... امین الدین شوق جامی بیکانیری

ایسی اک علم و عمل کی داستاں اشفاق ہیں
فیض جن سے پارہا اک جہاں اشفاق ہیں

گلشن اسحاقیہ سر سبز جس نے کردیا
ایسے عالی مرتبہ وہ باغباں اشفاق ہیں

علم دین کی روشنی ہے جس سے راجستھان میں
ایسی وہ شمع ضیائے ضو فشاں اشفاق ہیں

عالم و فاضل کے عامل سب یہی کہتے ہیں آج
اے خوشا قسمت کہ اپنے درمیاں اشفاق ہیں

ناتوانی جسم کی تو ہے تقاضا عمر کا
علم کے میدان میں یکتا جواں اشفاق ہیں

منزل مقصود بڑھ کر کیوں نہ چومے گی قدم
اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق ہیں

دیکھ کر جس کو خدا کی یاد آجاتی ہے شوق
ایسی ہی پاکیزہ ہستی بے گماں اشفاق ہیں

صاحب فہم وفراست بے گماں اشفاق ہیں

... حافظ غلام رسول شاد جامی بیکانیری

صاحب فہم و فراست بے گماں اشفاق ہیں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اہل علم و اہل فن کے قدر داں اشفاق ہیں
مفتی اعظم امیر عالماں اشفاق ہیں

علم و فن کی اک بہار جاویداں اشفاق ہیں
نازش علما و فخر مفتیاں اشفاق ہیں

پیکر علم و ادب کی جان جاں اشفاق ہیں
عالموں پر رات دن شفقت کناں اشفاق ہیں

طالبان حق پہ ہر دم مہرباں اشفاق ہیں
عالمان دین کے میر کارواں اشفاق ہیں

مرد مومن وارث پیغمبراں اشفاق ہیں
کیا شریعت ہے طریقت کیا ہے ان سے پوچھیے

سر وحدت کے امین و راز داں اشفاق ہیں
یک زبان ہو کر یہ اہل علم بھی کہنے لگے

آج بے شک سنیت کے پاسباں اشفاق ہیں
دین کے مہر مبین شمع فروزان ادب

زینت محفل ہیں ناز سالکاں اشفاق ہیں
شکر ہم اللہ کا جتنا کریں وہ کم ہے آج

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اے تعال اللہ ہمارے درمیاں اشفاق ہیں

آج ہے تسلیم دل سے سارے راجستھان کو

اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق ہیں

امن چمن کے پاس آسکتی نہیں باد سموم

علم دیں کی اک بہار بے خزاں اشفاق ہیں

درسگاہیں جس قدر ہیں آج راجستھان میں

محفلوں میں ان کی شمع ضو فشاں اشفاق ہیں

❊ خواجہ ہندالولی کے جانشیں اشفاق ہے ❊

✍... محمد اسرائیل شاداب دیوگھروی

آسمان علم کا ماہ مبین اشفاق ہیں — جلوہ گاہ علم وعرفان بالیقیں اشفاق ہیں

شمع بزم اولیائے کاملین اشفاق ہیں — خواجہ ہندالولی کے جانشین اشفاق ہیں

قربان ان کی عظمت پر ہیں سبھی اہل سنن

ان کا پیغام عمل ہے اسوۂ شاہ زمن

ان کی ذات پاک ہے صدق وصفا کا آئینہ — ان کے جلوؤں میں نہاں ہے جلوۂ غوث ورضا

ہے فروغ سنیت کا مشغلہ صبح ومساء — ان کی تقریروں سے ہے باطل کے دل پر زلزلہ

یہ خمستان شریعت کا چھلکتا جام ہے

ان کا پیغام عمل دنیا میں ہر سو عام ہے

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

جب سر محفل ہوئی ہے آپ کی جلوہ گری
اہل سنت نے لگائے نعرہائے قادری

شر پسندوں کے دلوں پر چھا گئی پژمردگی
ریزہ ریزہ ہوگئی باطل کی ہر افسوں گری

ان کی رفعت کو جہاں سے اب مٹا سکتا ہے کون
شمع جو روشن کرے حق وہ بجھا سکتا ہے کون

اے امیر اہل سنت تیری عظمت کو سلام
مسند آرائے شریعت تیری رفعت کو سلام

اے گل باغ ولایت تیری نکہت کو سلام
کرتا ہے شاداب دل سے تیری نسبت کو سلام

اے نشان کفش پائے حضرت شاہ نعیم
تیرے سر پر ہے لوائے حضرت شاہ نعیم

❁ خراج عقیدت ❁

✍... حافظ عارف اشرفی عارفؔ اشفاقی شیونالی امروہہ جے پی نگر

حمد بے حد ہے تجھی کو اے میرے پروردگار
ہر طرف ہیں تیری رحمت کے کرشمے بے شمار

بے نیازی تیرا شیوہ چوکھٹ سر بلند
ٹوٹ جاتی ہے جہاں پر ہر تخیل کی کمند

ان تعدوانعمة اللہ سے یہی عقیدہ کھلا
تیرے بندوں پہ ہیں تیری نعمت بے انتہا

اے مرے معبود برحق اے مرے پروردگار

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

باعث حیرت ہیں دنیا میں ترے ہی شاہ کار

ذرے ذرے سے ہویدا ہے تیری ہی برتری

قطرے قطرے میں درخشاں ہے تیری جلوہ گری

الغرض اکناف میں تیری ہی دھوم ہے

کیونکہ تو ہی خالق و مالک ہے اور قیوم ہے

اے کریما کارسازا اے میرے مولائے کل

تیری رحمت نے ہی بخشا دامن ختم الرسل

جن کی خاطر یہ جہان ہست ہے پیدا کیا

اور پھر مخلوق کو اس ذات کا شیدا کیا

حضرت آدم سے عیسیٰ تک ہیں جتنے انبیاء

واجب التکریم ٹھہری سب کو ذات مصطفیٰ

وہ نہ ہوتے گر تو پھر ہوتا ہی کیا اس دہر میں

ماہ ہوتا ماہ میں نہ مہر ہوتا مہر میں

آمنہ بی بی کا گل بن کے جو رحمت آگیا

گلشن ہستی قدوم ناز سے مہکا گیا

دین کی تکمیل کی ذات رسول اللہ پر

فضل کے گوہر لٹائے تو نے میرے شاہ پر

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

نور کے پیکر کو بخشی تو نے وہ روشن کتاب
ہو رہی ہے ہر گھڑی دو چند جس کی آب و تاب

ہیچ ٹھہری جس کے آگے ہر زبان شاعری
ہو گئی کافور فصحائے عرب کی برتری

جس کے ادراک و معانی میں ہیں بحر بیکراں
سہل جس کو کر دیا بندوں کی خاطر مہرباں

آبگینوں میں دلوں کے اس کو ٹھہرایا گیا
پھر جہاں پر پرچم اسلام لہرایا گیا

انبیاء آئے برائے رشد اقوام جہاں
امت مرحوم کو بخشی دلیل عارفاں

عظمتوں کا دائرہ اسد درجہ قرآن کا بڑھا
سید الشہداء نے نیزے کی انی پر بھی پڑھا

اس کو اصحاب نبی نے دل کی تختی پر لکھا
بالعوض ناموس قرآں جان کا سودا کیا

گنگنا یا جانکنی میں بھی یہ نغمہ سر مدی
میری منزل میرا قرآن میرا جادہ بھی یہی

سیکڑوں جانیں نچھاور موت کے اس جام پر

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

زندہ ہو جاتے ہیں جو مرتے ہیں حق کے نام پر

ندیاں ہیں بحر انوار محمد کی یہ چار
دم قدم سے ہے انہیں کے ہر طرف فصل بہار

یعنی اصحاب نبی مانند تاروں کے ہوئے
منزلیں ان کو ملیں جو ان نظاروں کے ہوئے

مصطفیٰ جان دو عالم کے نظارے ہوگئے
قطرے دریا میں گرے اور تیز دھارے ہوگئے

بالادستی ظلم کی تسلیم کرتے ہی نہ تھے
رستم و بہرام کی طاقت سے ڈرتے ہی نہ تھے

کوفہ و بصرہ سمرقند و بخارا کو چلے
لے کے پیغام محبت وہ حجازی قافلے

بو حنیفہ ہو کہ شبلی یا جنید و بایزید
میرے مولیٰ تو نے بخشی فضل کی اپنے کلید

آگہی کے سو دریچے غوث و خواجہ پہ کھلے
عارف رومی کو بخشے معرفت کے ولولے

پھر عجم کی سمت اٹھلاتی چلی باد نسیم
مژدۂ فتح لے کر آئے اک گلیم

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

سینکڑوں تھے راز پنہا اک گلیم ناز میں
نعمتیں بخشی تھیں مولیٰ تو نے اس انداز میں
اس کے اک اک تار میں روشن تیرا ہی نور تھا
بوالحسن کا خرقہ تھا یا معرفت کا طور تھا

غزنوی کا بخت جاگا اس کو یہ عزت ملی
وادیوں میں کفر کی اس نے مچادی کھلبلی
حکم پر سرکار عالی کے چلا پھر اک جواں
مصطفیٰ پیارے کا پیارا جانب ہندوستاں

ٹھوکروں سے جس کے آنے تھے ہزاروں انقلاب
جس کے ہونٹوں کا تبسم بن کے کھلا تھا گلاب
خواجہ ہندوستاں کی آمد آمد کا پیام
لے کے پہنچے ہند میں جو دعوت خیر الانام

آفتاب چشت کا یوں ہو گیا آخر ظہور
ہوگئی کافور ظلمت کفر کا ٹوٹا غرور
عشق کی دھونی رمائی اس عظیم الشان نے
باہنر پایا نہ ایسا ارض ہندوستان نے
اک نگاہ ناز نے جس کی سویرا کر دیا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

شہر اجمیر مقدس میں بسیرا کردیا

وہ شہر جو کل تلک تھا بت کدوں کا اک نشاں
نسبت خواجہ سے ٹھہرا آج عزت کا مکاں

پھر کئی صدیاں گزر جانے کے بعد ایسا ہوا
خاندان ترک میں ایک دیدہ ور پیدا ہوا

خون میں جس کے رچا تھا حوصلہ تیمور کا
آگہی کی سمت میں تھا ہر قدم مہجور کا

تھی علوم دین سے جس کی درخشندہ جبیں
خورد سالی میں ملی جس کو ولایت بالیقیں

ہم سبق جس کو کہا کرتے تھے اللہ کا ولی
شاہ صاحب کی نظر میں تھا وہی حرف جلی

رعب و داب و تمکنت جس کو ملے اللہ سے
زہد و تقویٰ علم و عرفاں جس نے پایا شاہ سے

کشت ویراں کے لئے جو ابر باراں بن گیا
ریگزاروں کے لئے فصل بہاراں بن گیا

اس کے حلم و استقامت کا فلک ٹھہرا گواہ
ہو رہی آج محفل میں اسی کی واہ واہ

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اس کے قدموں سے لگا جو کل غبار زندگی
بن گیا ملت کی خاطر آبشار زندگی

دعوت تبلیغ حق ہی جس کی عادت ہوگئی
زندگی جہد مسلسل سے عبارت ہوگئی

اک ولی کی چشم بینا نے کیا کیسا کمال
دھوم تیرے فضل کی دیکھی سبھی نے ذوالجلال

کوہساروں سے صدا اسلام کی آنے لگی
گلستاں میں ابر رحمت کی گھٹا چھانے لگی

ظلمتوں کی گود سے پیدا سحر ہو کر رہی
اس ولی کی چشم پرنم جہل کو دھو کر رہی

رنگ لایا نالۂ شب گیر میرے شاہ کا
چشمہ پھوٹا ریگزاروں میں بھی فضل اللہ کا

اللہ اللہ کیا نظر تھی دل کو روشن کردیا
بھر دیا مرشد نے دل میں نور عرفاں بھر دیا

حسرتوں کا دشت ویراں کیا تھا اور کیا ہو گیا
کون نخل آگہی اس سر زمیں میں بو گیا

ہاں وہی جو کل تلک نا آشنا تھے دین سے

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اور جو آزردہ تھے اپنی حالت غمگین سے

علم کے مینار بن کے چمکے ان کے نو نہال
دیکھتے ہی دیکھتے سب ہو گئے آسودہ حال

گمرہوں درماندوں کو ان کا حاصل مل گیا
بحر عصیاں میں خطا کاروں کو ساحل مل گیا

یادگار سلف ہے جو گوہر کردار ہے
ارض راجستھاں جس کے فیض سے سرشار ہے

فکر فردا میں جو ملت کی سدا کوشاں رہا
اور بقائے دین کی خاطر جو سرگرداں رہا

کارواں عشق کا ایسا علمبردار ہے
زندگی جس کی فقط ایثار ہی ایثار ہے

اٹھ گئی نظر ولایت جس طرف بھی شاہ کی
جلوہ گر ہو گئی رحمت وہیں اللہ کی

اس کے انداز تکلم سے جہاں سرشار ہے
علم وحکمت کے گوہر پارے ہیں یا گفتار ہے

جو لگا قدموں سے اس کے گل بداماں ہوگیا
سرخرو کہتا چلا عقبیٰ کا ساماں ہوگیا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

رہروان شوق کے خاطر صدائے غار ہے
اس کی خاموشی بھی گویا مخزن افکار ہے
میکدے کی ہو رہی ہے اس کے طرفہ دھوم دھام
بادہ خواروں کو پلائے معرفت کے ایسے جام

اس نے بخشا قوم کو پختہ قلعہ اسلام کا
ہر طرف ڈنکا بجا اسحاقیہ کے نام کا
ہاں وہ لوح دہر پہ تابندہ ایک تحریر ہے
حضرت اشفاق کے خوابوں کی جو تعبیر ہے

آبروئے دین کے نکلے وہاں سے پاسدار
نجدیوں کے واسطے جیسے تیغ آبدار
مفتی اعظم کا نام لے کے چلتے جائیں
سنیت کے باغ ہر سو پھلتے جائیں

چل دئے کہہ کر ہم نعرے لگاتے جائیں گے
مثل فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے
وقت کے فرعون بھی ہم کو ڈرا سکتے نہیں
ہم غلام مصطفیٰ ہیں خوف کھا سکتے نہیں

ہر طرف گونجے گی اب اللہ اکبر کی صدا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

کاروان عشق و مستی مرحبا صد مرحبا

اللہ اللہ اس نگاہ شوق کی رعنائیاں
مجھ نکمے پر بھی اس درجہ کرم فرمائیاں

حادثات زندگی نے جب کبھی گھیرا مجھے
چھوڑ کر چلتا بنا سایہ ہی جب میرا مجھے

در پئے آزار گویا جب زمانہ ہوگیا
قصہ درد و الم بس بہانہ ہوگیا

رنج وغم کے درمیاں میں نے پکارا شاہ کو
یاد کرکے ہچکیاں لیتا تھا اہل اللہ کو

دوریاں مجبوریاں کافور سب ہو کر رہیں
حسرتیں پھر حسرتیں ٹھہریں عبث ہو کر رہیں

داد رس فریاد رس دست گیری نے کیا
کام آساں شاہ کی روشن ضمیری نے کیا

دریائے شفقت ولی کا جاری وساری ہوا
ناتواں کا خوف اعدا پر بڑا طاری ہوا

دم بخود حیراں و ششدر رہ گئے سب کم نصیب
سرخرو ہو کر اٹھا محفل سے اک ادنیٰ غریب

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

دست شفقت اس کا تھاما اور زینے چڑھ گیا

کیا خبر ادراک کے اسباق کتنے پڑھ گیا

اک دیوانے کی بڑ کہہ کر مچائے کوئی شور

کہہ گیا اشعار کچھ تحدیث نعمت کے بطور

میں نکما ہوں بڑا استغفر اللہ العظیم

درگزر فرمائے میری لغزشیں میرا کریم

جو بھی ہوں پروردہ میں اس کے در دولت کا ہوں

مفلس و نادار منگتا صاحب ثروت کا ہوں

خواجہ ہند کی آنکھ کا تارا ہے وہ

حضرت صوفی حمید الدین کا پیارا ہے وہ

اللہ اللہ میرے مرشد کی انوکھی شان ہے

سو طرح ممنون شہ کی خاک راجستھان ہے

چشمۂ فیض ولایت قریہ قریہ اس کا عام

اس کا دم بھرتے ہیں ہر جانب ہزاروں نیک نام

رنگ اس کا صبغۃ اللہ اور خو اس کی بھلی

منزل حق کا ہے وہ راہی جسے منزل ملی

نقش پا اس کے ہوئے گویا نشان زندگی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ہے رواں منزل کی جانب کاروان زندگی

لیکن اہل باسنی کی امتیازی شان ہے

روز افزوں شاہ کا جاری یہاں فیضان ہے

دعوت وتبلیغ کے نکلے یہاں سے قافلے

حشر تک جاری رہیں یارب یہ نوری سلسلے

گلشن عشق نبی کے پھول یو کھلتے رہیں

آنے والی نسل کو ولولے ملتے رہیں

درس گاہ علم دیں سے ہو بھلا آفاق کا

تا ابد مہکے گلستاں حضرت اشفاق کا

نسبت اشفاق آئے کام سب کے یا خدا

ریگزاروں میں گل کھلیں یوں ہی سدا

چارسو پھیلائے یارب خوشبوئے دین مبین

حضرت صوفی حمید الدین کی یہ سرزمین

نجدیت شیطانیت لادینیت معدوم ہو

ہر طرف وحدانیت حقانیت کی دھوم ہو

ہرطرف عالم میں یوں ہی درس قرآن عام ہو

جب تلک اس بزم ہستی کی نہ یارب شام ہو

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

زندہ باد اے جزبۂ تبلیغ قرآن زندہ باد
عظمت قرآن و سنت یا خدا پائندہ باد

کر عطا جزب دروں موصوف کے فرزند کو
مفتی اعظم کے نور عین کو دل بند کو

حضرت حاجی معین الدین نام باکمال
قدر دان علم و عرفان صاحب آسودہ حال

مسلک حقہ کی خدمت کو ہمیشہ پیش پیش
دور اندیشی کے قائل ہیں سبھی اغیار و خویش

دین حقہ کی اشاعت سے جڑا ہے نیک نام
اور ہم چشموں میں ہم عصروں میں گویا تیز گام

اک طرف حق نمک ہے تہنیت ہے اک طرف
کہہ چکا میں گر قبول افتد زہے عز و شرف

جو بھی کرنا ہے تجھے عارف لوجہ اللہ کر
خود نمائی چھوڑ دے کہنا مرا للہ کر

کر الٰہی عارف باللہ مشت خاک کو
ضرب الا اللہ سے روشن کرے افلاک کو

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

❁ وہ زمین ہے اعلیٰ ہمارے خمیر سے دوستوں ❁

سردار احمد وحیدی برکاتی

رخسار سے عیاں جن کے تھی ایسی نورانیت
وہ محسن راجستھان کی ہی تھی شخصیت

برملا اعتراف کرتے ہیں اہل خرد آج بھی
اللہ کے ولی اشفاق کی روشن تھی ولایت

فخر ہے راجستھان کو اس کو ملا جو نا خدا
کشتی دین حنیف کی ایسی ملی تھی تربیت

وہ زمین ہے اعلیٰ ہمارے خمیر سے دوستوں
رشک جہاں بنی چوکہ میں جس کی تربت

چاروں طرف اعداء دین بیچ میں تھے اشفاق
تنہا بچایا مسلک اعلیٰ حضرت کیسی تھی ہمت

سرفرازی بخش دی اہل خرد کو علم دین سے
للّٰہیت سے کیا ہر کام ایسی ڈالی تھی روایت

ہر سنی کے دل میں آباد کیا مے خانہ بندگی
پلا گیا وہ ساقی گھول کر سبھی کو سنیت

سردار بن گئے ہنر مند نا اہل قرار دیا تھا زمانہ
لعل و گوہر دیئے ہیں ہم کو نہ لی کبھی قیمت

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

❊ اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق تھے ❊

... ابوالممتاز حضرت مولانا قاضی نیاز احمد مشاہدی برکاتی صاحب
استاذ جامعہ فیضان اشفاق حسین کالونی ناگور شریف، راج،

مذہب اسلام کے وہ شمع داں اشفاق تھے
علم دین مصطفیٰ کے راز داں اشفاق تھے

اہل راجستھان اس پر متفق ہو ہی گئے
اہل سنت کے امیر کارواں اشفاق تھے

شمع جد و جہد نے شام و سحر روشن کیا
کاوشوں کے بار آور داستاں اشفاق تھے

خندہ پیشانی ہویدا تھی جبین ناز سے
خلق احسن کے مجسم آستاں اشفاق تھے

کل مشقت جھیل لی اور آج یہ اس کا ثمر
صاحب فرح و سرور جاوداں اشفاق تھے

تو بھی اے قاضی نیاز اخلاص کا دامن نہ چھوڑ
دیکھ لے اس کے سبب ہی کامراں اشفاق تھے

❊ میرا دل اور میری جان مفتی اعظم راجستھان ❊

... حضرت مولانا صادق عالم خطیب وامام نورانی مسجد بالوترا

میرا دل اور میری جان مفتی اعظم راجستھان

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

آپ پہ تن من دھن قربان مفتی اعظم راجستھان

عشق نبی کے پیکر تھے اہل سنن کے رہبر تھے
ہو گئے جنت کا مہمان مفتی اعظم راجستھان

اور سب سے بہتر کام کیا تعلیم نبی کو عام کیا
گھر گھر آپ کا فیضان مفتی اعظم راجستھان

کام سدا یہ کرتا رہوں نعت و مناقب لکھتا رہوں
بس یہ ہو صادق کی پہچان مفتی اعظم راجستھان

❊ باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا ❊

✍... حضرت مولانا سجاد علی خان مصباحی ساز بلرامپوری

باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا
بزم جہاں سے ہو کے صدر انجمن گیا

باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا
اہل سنن کے بزم کی زینت جسے کہیں
ہم سنیوں کے واسطے نعمت جسے کہیں
احمد رضا کی ایک کرامت جسے کہیں
ہم کو تھا جس پہ ناز وہ رشک چمن گیا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا

دین متیں کا حامی و ناصر چلا گیا
علم و حکم کا حاذق و ماہر چلا گیا
رنج و محن پہ صابر و شاکر چلا گیا
اہل سنن کی بزم کا بانکپن گیا

باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا

صد رشک انجمن تھی تیری ذات باصفا
ہر ہر قدم پہ ہم کو تمہارا تھا آسرا
اب ہم کہاں سے لائیں گے تم جیسا رہنما
عشق رسول پاک میں ہو کے مگن گیا

باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا

علم و عمل کے دیپ جلاتا چلا گیا
بنجر زمین میں پیڑ لگاتا چلا گیا
ظلمت کے راستوں کو مٹاتا چلا گیا
دنیا سے دور نازش اہل زمن گیا

باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا

ان کی قیام گاہ پہ باغ و بہار ہو

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

باغ جناں و خلد سے وہ لالہ زار ہو
سجاد ان پہ رحمت پروردگار ہو

دنیائے دوں کو چھوڑ کے سوئے عدن گیا
باغ جناں کی سمت وہ سرو چمن گیا

❊ قطعہ تاریخ وصال ❊

حضرت مفتی محمد اشفاق حسین نعیمی علیہ الرحمہ، وصال ۱۵/۱ اکتوبر ۲۰۱۳ء

... پروفیسر غلام یحییٰ انجم صاحب مصباحی
صدر شعبہ اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ہمدرد، نئی دہلی

وہ نحیف و ناتواں ، مرد خدا ، دانائے فن
پیکر صدق و صفا ، زہد و رضا ، شیریں سخن

صاحب رشد و ہدایت ،وارث فخر زمن
قاطع کفر و ضلالت ، ماحی شرک وفتن

نام ہے اشفاق ان کا اور لقب بابائے قوم
شیونالی مولد ان کا اور ہوا سنبھل وطن

ضلع امروہہ میں شیونالی ایک چھوٹا سا گاؤں
جس جگہ بچپن گزرا اور جوانی کی پھبن

درس علم دین کی تکمیل سنبھل میں ہوئی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

مفتی اجمل شاہ کی وہ درس گاہ فکر و فن

مفتی اجمل شاہ کے تلمیذارشد تھے یہی
اس لئے استاد کا تھا ان میں بانکپن

بیعت و ارشاد بھی حاصل انہی سے تھا انہیں
تھے عمل پیرا انہی کے قول پر من و عن

سلسلہ تدریس کا ڈریہال، پالی سے ہوا
پہنچے پھر وہ اسحاقیہ بن کے شیخ علم و فن

درس قرآن و حدیث و فقہ ان کا مشغلہ
پورے راجستھان میں تعلیم ہوا ان کا مشن

ان کے دم ہوگئے قائم ہزاروں مدرسے
روز و شب پڑھتے جہاں پر نونہالان وطن

ان کی پوری زندگی تھی وقف ملت کے لئے
تھا سوا برداشت سے ملت کا غم، رنج و محن

ان کا میدان عمل تاعمر راجستھان تھا
خون جگر سے کر گئے اس کو وہ صد رشک چمن

خامشی ، سادہ مزاجی ، تھی پسند ان کو مگر
گفتگو میں ہوتا اک بحر معانی موجزن

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

سب فرائض وہ ادا کرتے رہے اوقات پر

ہے کہاں اس دور میں اب ان سا پابند سنن

مدرسہ کی ایک چھوٹی کوٹھری ان کا مکان

سادگی کے ساتھ زندہ رہنے کے سارے جتن

ان کا مرقد بن گیا ہے گرچہ شہر جودھ پور

ہو نہ پایا زندگی بھر حیف یہ ان کا وطن

تھی جو راجستھان کی ہر شئی انہیں دل سے عزیز

تھے عقیدت مندان کے دل سے شیخ و برہمن

بیعت و ارشاد کا بھی سلسلہ جاری رہا

تھے جہان رشد کے وہ بے گماں نوری کرن

ان کے ہیں اہل عقیدت ہند میں پھیلے ہوئے

ہوں شمالی ہند کے صوبے وہ یا ملک دکن

زندگی کا ہر عمل بے لوث بے حرص و طمع

لعل و گوہر ہیچ تھے بے قدر تھا در عدن

تھے مزاجاً منکسر ، صوفی صفت ، مسکیں ادا

زیب دیتا تھا قد دلکش پہ سادہ پیرہن

تھی برائے زیست بالکل مختصر ان کی غذا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

عمر بھر تھے بے نیاز لذت کام و دہن

کس قدر تھے ذی وقار و ذی حشم عالی مقام
سادہ بالکل تھا مگر ان کا رہن ان کا سہن

ان کی رفعت ان کی عظمت سب بہ فیض مصطفیٰ
رشک سے تھی دیکھتی ان کو یہ دھرتی اور گگن

وہ محبت تھے سراپا اور وہ الفت کے دھنی
ہر کوئی خوش ہوتا مل کے ہر کوئی ہوتا مگن

ہر قدم تھا سنت نبوی کا بے حد پاس انہیں
جادۂ حق پر رہے سختی سے ہر دم گامزن

عشق سرکار رسالت کا تھا کچھ ایسا اثر
درد دل نے رکھا ان کو بے نیاز تن بدن

مسلک حق کی اشاعت کر رہے تھے اس لئے
دشمنان مصطفیٰ کو ان سے تھی بے حد جلن

حج بیت اللہ سے بھی تھے مشرف بالیقین
روضۂ اقدس کو چوما ہمراہ فرزند و زن

سچ ہی کہتے سچ ہی سنتے وہ بلا خوف و خطر
سامنے ظالم ہو یا پیش دار و رسن

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ان کے ہر اک کام میں پنہاں ہزاروں حکمتیں
ہر نصیحت ان کی تھی قول نبی سے مبرہن

شفقتیں ہی شفقتیں مرد خدا کے پاس تھیں
فیض ان کا جاری ہر دم صورت گنگ و جمن

نامناسب گر کوئی کچھ کہتا ہنس کر ٹالتے
بالیقیں صبر و تحمل میں تھے وہ کوہ و دمن

خون دل سے علم کی شمعیں فروزاں کر گئے
ہوگا دائم ان کا چرچا انجمن در انجمن

فضل رب بار آور ہوگئیں سب کوششیں
ہر طرف صوبہ میں ہے تعلیم دین کا اب چلن

مشکلیں آئیں فروغ علم میں ان کو مگر
دل نہ رنجیدہ ہوا ، آئی نہ ماتھے پہ شکن

بس وہی دے سکتا ہے ان کے مشن کو ارتقا
قلب و ذہن ان کی طرح ، رکھتا ہو ان سا علم و فن

اہل راجستھان کو ہے دل سے ان کا احترام
خاص تھا ان پر مگر فضل خدائے ذوالمنن

موت برحق ہے سبھی کو چکھنا ہے اس کا مزا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ہو کوئی سائل ، بھکاری یا ہو سلطان زمن

کاخ بالا کے مکیں یہ جان لیں مرنے کے بعد

اک اندھیری کوٹھری ہوگی بلا نوری کرن

رکھ کے انگلی جنتری پر یہ اشارہ دے دیا

وقت رحلت آچکا ہے مرا اے بھائی بہن

وقت کرکے اپنا پورا وہ بھی رخصت ہوگئے

موت کا آیا فرشتہ لے گیا روح بدن

زیر لب تھی مسکراہٹ وقت رحلت اس لئے

رحمۃ للعالمین سے قبر میں ہوگا ملن

دفن ہونے کے لئے ان کا جنازہ جب چلا

عاشقوں کی بھیڑ پہ رحمت ہوئی سایہ فگن

موت عالم کی یقیناً ایک عالَم کی ہے موت

اہل حق کا قول ہے ، سن لیجئے اہل وطن

لاکھوں دیوانوں کا مجمع لاکھوں لوگوں کا ہجوم

اک سمندر تھا سروں کا گویا ہر سو موجزن

کیوں نہ نازاں اپنی قسمت پر ہو شہر جودھ پور

ہے یہاں آرام فرما تاجدار فکر و فن

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

تھی یہی گر مرضی رب ، جو ہوا اچھا ہوا

ایک دن جانا ہے سب کو چھوڑ کر دلکش چمن

کھل گئی یہ بات بھی ان کے گزر جانے کے بعد

کس قدر مقبول خاص و عام تھے مرد حسن

منبع رشد و ہدایت آخر چل بسے

ان کی تربت پر خدا برسادے رحمت کی بھرن

نور حق سے قلب ان کا تھا منور دائما

نہ ہو میلا حشر تک اس شخص کا یا رب کفن

بخش دے یا رب انہیں کیا دیکھنا بفر و عمل

چشم پرنم سے دعا گو ہیں یہاں سب مرد و زن

ان کی قبر حشر کی سب مشکلیں آسان کر

صدقہ محبوب رحمان و طفیل پنجتن

ان کا مرقد خلد کی کیاری بنا دے اے خدا

ابر رحمت قبر پر ان کی رہے سایہ فگن

بندۂ مومن تھے بیشک قبر میں منکر نکیر

کہہ گئے ہوں گے سوجا جیسے سوتی ہے دلہن

میرے مشفق تھے یقیناً ہائے رخصت ہوگئے

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

کون دے گا اب مجھے وہ جذب و عزم کوہ کن

تھی محمد کے عدد جتنی ہی یہ عمر شریف

فیض عشق احمدی ہے دیکھنا کیا ماہ و سن

فکر انجم جب مجھے تاریخ رحلت کی ہوئی

مژدۂ ہاتف ملا یوں مجھ کو در چشم زدن

لے کے نام اللہ کا یہ مصرعہ تاریخ لکھ

۶۶

خلد میں مسند نشیں ہیں مہر و ماہ علم و فن

۲۰۱۳ء = ۱۹۴۷ + ۶۶

❊ التجا بارگاہ خواجہ معین الدین ❊

... سردار احمد برکاتی وحیدی

امداد کن بطفیل مصطفیٰ یا معین الدین

ہٹا دے سب غم کی گھٹا یا معین الدین

تیرے در پہ آیا ہوں بن کر میں سوالی

صدقہ حسنین کا کر عطا یا معین الدین

تیرا مرتبہ کہ تو عطائے رسول ہے خواجہ

اور ہونا اولاد فاطمۃ الزہراء یا معین الدین

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

ظلمتوں کی آندھیاں چل رہی تھی چار سو
تو رحمت کا ابر بن کر برسا یا معین الدین

جب بھی کوئی ستانے آیا تیرے اپنوں کو
کسی اپنے کو بچانے بھیجا یا معین الدین

راجستھان میں تیرا نائب بنا مفتی اشفاق
تو نے یہاں کا اسے راجہ بنایا یا معین الدین

جس نے دم آخر حفاظت کی ملت بیضا کی
علم کا دریا اس نے ایسا بہایا یا معین الدین

جابجا تیرے در سے فیض کی ڈالی نہریں
اشفاق تھا تیرا نائب سچا یا معین الدین

آج پھر کفر نے مچائی ہے اودھم ہند میں
تان دے اب رحمت کی ردا یا معین الدین

بکھر رہا ہے تیرے ہند کا شیرازہ ہندالولی
وصل کر دے فصل کل کا یا معین الدین

ہر شکستہ قلب سے آرہی ہے یہی صدا
سن لے ہر ٹوٹے دل کے التجا یا معین الدین

بچا لو اب ؛ دھنس رہے ہیں بدعقیدگی میں

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

جو تھے تیرے نانا کے نام لیوا یا معین الدین

تیرے اس گلشن میں گھسنے لگے ہیں نجدی
کردے دور عالم اسلام سے یہ بلا یا معین الدین

پھر سے اک اشفاق ملت کو کر دے عطا خواجہ
مصطفیٰ کے دین کا محافظ بنا یا معین الدین

کر سکے جو زہد و اتقا کے ساتھ خدمت خلق
ملت کو مل سکے اور اجالا یا معین الدین

سردار بھی اسی چوکھٹ کا گدا گر ہے آقا
بھیک غلامی کی کردے عطا یا معین الدین

باب سوم خلفاء و جانشین

❊ جسے بابا نے سنوارا فیض نعیمی پلا پلا کر ❊

... سردار احمد وحیدی برکاتی

کس نے جانا صحرا میں بھی گلزار ہوگا
ایک شیر جو باطل پہ دودھاری تلوار ہوگا

جسے دیکھ کر سنیت رشک کرتی رہے گی
وہی شیر ہند کے خطاب سے سرشار ہوگا

باطل کے ایوانوں میں آجائے دیکھ زلزلے جسے
وہ شیر سنیت حقیقتا کیسا خونخوار ہوگا

جسے بابا نے سنوارا فیض نعیمی پلا پلا کر
وہ کیونکر نہ ہر میدان کا شہسوار ہوگا

بڑھ کر جس نے نجد کی سلطنت کو للکارا
سنا ہے کہ وہ شیر بڑا ہی ہوشیار ہوگا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

نظر بابا نے پہچان لیا پہلی نظر میں
سنیت کی خاطر یہ شیر گرج دار ہوگا

چن لیا اپنی نظر ولایت سے جسے
کشتی اہل سنن کا یہی پتوار ہوگا

مفتی اعظم راجستھان کی نیابت جسے ملی
ہر دل مومن کا کیوں نہ وہ سردار ہوگا

❊ جس کی خاطر دست بدعا ہے ہر بشر ❊

...مولانا جمشید خان اشفاقی اسیر قادری مدرس محمدیہ رضویہ پھلودی

ملت بیضا کے دانشور شیر ہند ہے
ضیائے خواجہ سے منور شیر ہند ہے

نام سے جن کے کانپتے ہیں اعداء دیں
ہاں ہاں وہی تو مرد قلندر شیر ہند ہے

شہ اشفاق کی شفقتوں سے پروان چڑھے
محسن راجستھان کا گوہر شیر ہند ہے

نوازش ہوئی جن پہ چاہے کوئی میدان ہو
وہ جن کو اللہ نے کیا منور شیر ہند ہے

کرامت ہے جو نعیمی فیض کی آج زندہ
دیکھو علم و فن سے بہرہ ور شیر ہند ہے

تجھے ہر آفت سے محفوظ رکھے خدا
سلامت رہے جو ہمارا رہبر شیر ہند ہے

جس کی خاطر دست بدعا ہے ہر بشر
ایسا جو بابا کا پروردہ بشر شیر ہند ہے

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

مجھے پیاری لگتی ہے تیری ہر ایک ادا
آسمان سنیت کا چمکتا قمر شیر ہند ہے

اسیر قادری نے جو علم عرفان پایا ہے
علم کا بٹتا ہے باڑا وہ در شیر ہند ہے

❊ سلطان التارکین ہے شہنشاہ ناگور بالیقیں ❊

...سردار احمد برکاتی وحیدی

بات کیا کریں شہر ناگور مدینۃ الاولیاء کی
جس پہ ہیں عطائیں معین الدین خواجہ کی
سلطان التارکین ہے شہنشاہ ناگور بالیقیں
خواجہ ہند الولی نے ان کو سلطنت عطا کی
ہیں یہاں اور بہت سے اولیاء اتقیا جلوہ گر
بات کریں ہم اشفاق کے چہیتے خلفاء کی
خلیفہ اول ہیں ولی محمد دوم عبدالوحید ہیں
جامعہ فیضان اشفاق میں خلافتیں عطا کی
تھے حاضر مہمانان مصطفیٰ اور وارثان انبیاء
مفتی اشفاق نے مجمع خلق میں خلافتیں ہبہ کی
ہیں یہ دونوں مفتی اشفاق کی نظروں کے تارے
تعریف ہو نہیں سکتی ان کے زہد و اتقا کی
شہر باسنی کی باگ ڈور سنبھالے ہوئے ہیں جو
مفتی ولی محمد ہے شان دین مصطفیٰ کی
جسم ناتواں کمزور سا ڈیل ڈول ہے ان کا بھی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

جھلکتی ہے رونائی اشفاق کے حسن ضیاء کی
جس کے نحیف کندھوں پہ ہے ذمہ داریوں کا بار
ہر ذمہ داری حسن سیرت سے جس نے ادا کی
جس طرح خواجہ نے صوفی کو دیا ناگور
بابائے قوم نے عبدالوحید کو سلطانی عطا کی
جس نے مفتی اشفاق کا فیضان بکھیرا چار سو
یہی امیدیں تھی خلیفہ دوم سے نور ضیا کی
ہیں عبدالوحید ناگور میں آپ کا جانشیں یقیناً
ہے جھلک مفتی اعظم راجستھان کے جلوہ کی
سرخ رو کر دیا جس نے چمنستان صوفی کو
عبد الوحید نے حق نیابت کیا خوب ادا کی
سردار کیا کہے گا ان کے وصف حسن شرافت
خدمت دین کے لئے جس نے حیات اپنی ہبہ کی

❊ جلوہ گر ہے جہاں اول خلیفہ مفتی اشفاق کا ❊

✍...سردار احمد برکاتی وحیدی

شہر باسنی پہ فیض برسا مفتی اشفاق کا
جلوہ گر ہے جہاں اول خلیفہ مفتی اشفاق کا
ولی محمد نام جس کا حقیقتا ولی اللہ ہے
حلم برد باری میں سایہ مفتی اشفاق کا
سنی تبلیغی جماعت کے وہ امیر کارواں ہیں
درخشندہ ہے آج بھی چنندہ مفتی اشفاق کا
جماعت رضائے مصطفیٰ کا کام زیر نگرانی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

خدمت دین پہ معمور جہیتہ مفتی اشفاق کا
علامہ ظہور کی جو زندہ کرمت ہے آج بھی
ہے جس پہ کرم کا سایہ مفتی اشفاق کا
مولانا غلام محمد نے جس شجر کو سینچا
وہ مفتی ولی محمد ہے دلارا مفتی اشفاق کا
باسنی کو اور بھی ستارے آپ نے عطا کئے
پر یہ بالخصوص تھا پیارا مفتی اشفاق کا
مفتی اعظم باسنی کے خطاب سے سرشار ہوئے
ہے ہم سب کو پیارا یہ پیارا مفتی اشفاق کا
مسلک اعلی حضرت ہے جس کے سر کا تاج
سردار ہے پابند شرع دلارا مفتی اشفاق کا

❊ جماعت سنیت کا نگہباں مفتی ولی محمد رضوی ❊

...سردار احمد وحیدی برکاتی

دین حنیف کا ہے پاسباں مفتی ولی محمد رضوی
جماعت سنیت کا نگہباں مفتی ولی محمد رضوی
سیرت خیرالورا پہ سختی سے جو ہے پابند بشر
اخلاق کا ہے سچا سائباں مفتی ولی محمد رضوی
جماعت اہل سنت نے اپنا رہنما چنا باسنی میں
کر دیا سپرد سارا کارواں مفتی ولی محمد رضوی
علامہ ظہور کی جو خواہش تھی اہل سنن کے لئے
دین کا کھلا دیا گلستاں مفتی ولی محمد رضوی

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

قریہ قریہ جو خانہ رسول اللہ کھولے جماعت نے
اس جماعت کا پاسباں مفتی ولی محمد رضوی

اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر عمل پیرا ہو جو
اسلاف کا وہ ہے نشاں مفتی ولی محمد رضوی

مسلک اعلی حضرت کے فروغ کے لئے سدا رہے
شب و روز کوشاں مفتی ولی محمد رضوی

خدمت دین حنیف کی فکر دامن گیر ہے جس کے
اہل سنت کا ہے سلطاں مفتی ولی محمد رضوی

دہر کے ہر ولی کی نظر عنایت ہے جس ولی پر
فیضان محسن راجستھاں مفتی ولی محمد رضوی

خدایا تادیر سلامت رہے یہ اہل سنن کا انمول رتن
درخشندہ رہے گوہر فروزاں مفتی ولی محمد رضوی

سردار ادنیٰ سا گدا گر ہے جس در حبیب اللہ کا
پیارا ہے پیارا ہے وہاں مفتی ولی محمد رضوی

❊ محبّ خیر الورا خواجہ عبدالوحید ہے ❊

...سردار احمد برکاتی وحیدی

محبّ خیر الورا خواجہ عبد الوحید ہے
عاشق غوث پیا خواجہ عبد الوحید ہے

جس پہ برسا فیض خواجہ ہند الولی
ہمارے دل کا راجا خواجہ عبد الوحید ہے

مسلک اعلی حضرت کا پرچم اٹھائے ہوئے
سحراء میں کھڑا خواجہ عبد الوحید ہے

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

کیا ہے جس نے منور خطہ ناگور کو آج
سنیت کی ضیا خواجہ عبد الوحید ہے

جنگل میں منگل کی مثال پیش کی جو
قلعہ دین کھولا خواجہ عبد الوحید ہے

اتر پردیش سے آکے خدمت دین کے لئے
نبی کا گھر بنایا خواجہ عبد الوحید ہے

جامعہ فیضان اشفاق ہے محنت کا ثمرہ
دین کے لئے کوشاں خواجہ عبد الوحید ہے

جس کو بابانے نواز دیا نظر عنایت سے
نظر اشفاق کا تارا خواجہ عبد الوحید ہے

قطب ناگور ہم کہیں تو بے جا نہ ہوگا
عنایت نظر اولیاء خواجہ عبد الوحید ہے

ہر سلسلہ سے میسر ہے اجازت و بیعت
مرکب سلاسل اربعہ خواجہ عبد الوحید ہے

مدت خاص تک جس نے نہ کھائی نان
سردار زہد و اتقا خواجہ عبد الوحید ہے

❊ ہر خاص وعام میں چرچا صوفی عبدالوحید کا ❊

... محمد اکبر علی رضوی خطیب وامام نگینہ مسجد بالوترا

رتبہ ہی کچھ ایسا ہے صوفی عبد الوحید کا
ہر خاص و عام میں چرچا صوفی عبد الوحید کا

خدمت خلق میں جس نے اپنی زندگی گزاری
وہ نام کیا نمایاں ہے صوفی عبد الوحید کا

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اشفاق کے دلارے پیر و مرشد کے پیارے
ہر شخص دیوانہ ہے صوفی عبد الوحید کا

فیضان غوث الاعظم جس پہ ہے جاری ساری
وہ مرتبہ نرالا ہے صوفی عبد الوحید کا

عاشق غوث الورا سے جسے پہچان ملی جہاں میں
نغمہ یہی گونجتا ہے صوفی عبد الوحید کا

جس نے سخاوتوں کے موتی ہیں یوں لٹائے
لب اکبر پہ ترانہ ہے صوفی عبد الوحید کا

❊ مفتی اشفاق کے نور نظر حاجی معین الدین ❊

از محمد سردار احمد وحیدی برکاتی

مفتی اشفاق کے نور نظر حاجی معین الدین
سنیت کا ایسا چمکتا قمر حاجی معین الدین

شہزادۂ مفتی اعظم راجستھان تیری کیا شان
فریفتہ ہے تجھ پہ ہر بشر حاجی معین الدین

ہے بے گماں تجھ سے شاد ہر بشر راجستھان کا
ان کے لئے ہے مثل تر مہر حاجی معین الدین

دین کے لئے دیتے ہیں اپنے تن من سے قربانی
ہے خدمت دین سے با خبر حاجی معین الدین

سر زمین دہلی پہ رہے یا رہے شہر جودھپور
سدا دین کی دامن گیر فکر حاجی معین الدین

چاہے جتنا ستائے اہل باطل آپ کو جہاں میں
دور اندیش اور ہے با صبر حاجی معین الدین

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

اسحاقیہ میں دیتے ہیں اپنا قیمتی وقت بھی
عوام میں بھی ہے با اثر حاجی معین الدین

ہیں اوصاف ہو بہو والد بزرگ وار کے ان میں
خوشبوئے اشفاق سے تر بتر حاجی معین الدین

گلشن محسن راجستھان کے گل زیبا ہیں یہ
سنیت کے ہیں لعل و گوہر حاجی معین الدین

لوگ مانتے ہیں انہیں اپنا سردار راجستھان میں
ہمارے لئے بھی سردار خوشتر حاجی معین الدین

تمت بالخیر

سردار احمد وحیدی برکاتی

❋ ❋ ❋

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar

KhatameNabuwat.Ahlesunnat.com

Print : Sayyed, Jodhpur 8947053064

Click For More Books Ahlesunnat Kitab Ghar